★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایگزیکٹو
حاجی ملک محمد وحید

# روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 16 | منگل 7 محرم الحرام 1448ھ، 23 جون 2026ء، 9 پاڑ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 186

# ایران امریکہ مذاکرات کامیاب: 60 روزہ روڈ میپ منظور، نگرانی کمیٹی قیام پر اتفاق

پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات میں پیشرفت، ایران کو کچھ منجمد اثاثے جاری، ناکہ بندی بھی اٹھالی گئی، ایرانی وزیر خارجہ مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر فریقین نے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے قیام پر اتفاق کیا ہے جو ثالثی کے عمل کیلئے سیاسی نگرانی فراہم کرے گی، اعلامیہ

سوئٹزر لینڈ میں مذاکراتی دنوں کا کام مکمل ہوگیا ہے، تکنیکی ٹیمیں اپنا کام جاری رکھیں گی، ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کی گفتگو اگر ایران کی قیادت ملاقاتی عدم اعتماد کے باعث بنا اور نیگوشیئر پروگرام چھوڑنے تو پھر امریکا ایران کیا تھے نے سرے سے تعلقات بنائیگا، بے ڈی دشس

سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر ترین جج جسٹس منیب اختر نے سپریم کورٹ برانچ رجسٹری کراچی میں قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں

کے درمیان تکنیکی سطح کے مذاکرات رواں ہفتے برکس سٹاخ میں جاری رہیں گے۔ معاہدے میں ثالث کا کردار ادا کرنے والے قطر اور پاکستان نے چند کے مذاکرات کے پہلے (بقیہ نمبر 1)

برکس اسٹاک (این این آئی) ایران اور امریکہ کے اعلیٰ حکام کے درمیان مذاکرات کا پہلا دور مکمل ہوگیا اور فریقین کھلے غیل مشترکہ اعلامیہ میں کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے فریم ورک کے تحت اعلیٰ سطح

## ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا (آج) پاکستان کے مختصر دورے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا (آج) منگل کو پاکستان کے مختصر دورے کا امکان ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ایرانی صدر کے دورہ پاکستان (بقیہ نمبر 3)

## امریکا ایران معاہدے میں فیلڈ مارشل کے عزم و لگن کے بغیر پیشرفت ممکن نہیں تھی، وزیر اعظم

الحمدللہ! اسلام آباد ایم او یو کے تحت پہلا اعلیٰ سطح کا اجلاس کامیابی سے ختم ہو گیا

مذاکرات مثبت اور تعمیری ماحول میں ہوئے، حوصلہ افزا نتائج اور اہم پیشرفت سامنے آئی

پاکستان امن اور دیرپا حل کے لیے ذاتی لگاؤ اور سفارت کاری میں اپنا مخلصانہ کردار جاری رکھے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکا

اسلام آباد: خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری اہم سپورٹ پروگرام (BISP) کی سینٹر روبینہ خالد پارلیمنٹ سے ملاقات کر رہے ہیں

# امریکہ ایران معاہدے میں فیلڈ مارشل کے بغیر پیشرفت ممکن نہیں تھی

وزیر اعظم

وزیر اعظم کا امریکا اور ایران کی قیادت کو تعمیری روابط کے تسلسل اور مذاکراتی عمل سے وابستگی پر خراج تحسین، پاکستان پائیدار امن اور دیرپا حل کے حصول کیلئے مکالمے اور سفارت کاری کے فروغ میں اپنا دیانتدارانہ اور مخلصانہ کردار ادا کرتا رہے گا، شہباز شریف

اسپیکر باقر قالیباف اور ایران کی قیادت خطے میں امن کیلئے مخلص ہے، پاکستان اور امریکا کے تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط اور گہرے ہوئے، شہباز شریف کی صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو

برکس اسٹاک (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ امن پسند شخصیت ہیں، (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور ایران کی قیادت کو تعمیری روابط کے تسلسل اور مذا (بقیہ نمبر 12)

یوکرین کے ڈرون پر حیاہیں، ایک فائر فائٹر ایک گھر کی چھت پر کام کر رہا ہے

## اسرائیلی وزیر اعظم کی آمد سے جنوبی لبنان میں قبضہ برقرار رکھنے کا اعلان

اسرائیل نے اب تک لبنان کے 20 فیصد رقبہ پر قبضہ کرلیا ہے، جس سے لاکھوں لبنانی شہری بے گھر ہو چکے ہیں

ہم شمال کے عزیز شہریوں اور اسرائیل کے تمام شہریوں کے تحفظ کے لیے جنوبی لبنان کے سیکیورٹی زون میں جب تک ضروری ہوا موجود رہیں گے

حل ابیب (ویب ڈیسک) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں سیکیورٹی زون پر قبضہ برقرار رکھے گی۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیلی فوجیں جنوبی لبنان میں جب تک ضروری ہوا موجود رہیں گی۔ خیال رہے کہ

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ ملاقات کر رہے ہیں

## وزیر اعظم سے سوئس وفاقی کونسل کے نائب صدر کی ملاقات

برکس اسٹاک (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے سوئس وفاقی کو (بقیہ نمبر 4)

## موسم کی خرابی، کراچی کی پرواز اسکردو میں لینڈ نہ کرسکی

اسلام آباد (این این آئی) موسم کی خرابی کے باعث کراچی کی پرواز اسکردو میں لینڈ نہیں کرسکی، اسے اسلام آباد اتار لیا (بقیہ نمبر 5)

## مسلم لیگ (ن) کے دیرینہ کارکنوں کو نظر انداز نہ کیا جائے، ٹکٹ حق دار کو دیا جائے، مرتضیٰ گیلانی

بعض افراد اقدار اور مفادات کے لیے جماعت چھوڑ کر تحریک انصاف میں شامل ہوگئے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) حلقہ بھرات مظفر آباد سے پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر سے سینئر رہنما مرتضیٰ گیلانی نے پارٹی قائدین میاں نواز شریف، وزیر اعظم شہباز شریف (بقیہ نمبر 6)

## پاکستان اور قطر کی کوششوں سے لبنان جنگ کے چھٹی پیشرفت ہوگئی، اتفاق

ایران کیلئے تیل اور پیٹروکیمیکل کی برآمدات پر پابندیاں ختم کردی گئی ہیں، اور کچھ منجمد اثاثے جاری کردیے گئے ہیں

آبنائے ہرمز پر بحری ناکہ بندی ختم کردی گئی ہے، ایران کی ترقی اور تعمیر نو کا بڑا منصوبہ شروع کیا جائے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ

پریشتر کردیا۔ سوئٹزر لینڈ میں ایران امریکہ مذاکرات کے بعد قطر اور پاکستان کی جانب سے جاری مشترکہ اعلامیہ پر ردعمل دیتے ہوئے ایرانی

وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ پاکستان اور قطر کی ثالثی میں لبنان جنگ کے خاتمے کیلئے بڑی پیشرفت ہوئی ہے۔ ان کا کہنا (بقیہ نمبر 10)

تہران (نیوز ایجنسی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے دفتر خارجہ پاکستان کی جانب سے شیئر کیا گیا ایران امریکہ مذاکرات کا مشترکہ اعلامیہ ایکس

## وزیر اعظم نے 9 اور 10 محرم الحرام کو سرکاری تعطیلات کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے 9 اور 10 محرم (بقیہ نمبر 7)

## وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی روزہ رسول ﷺ پر حاضری

مدینہ منورہ (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مدینہ منورہ میں روزہ رسول ﷺ پر حاضری دی۔ گزشتہ روز مدینہ منورہ پہنچنے پر سعودی اعلیٰ حکام اور سفیر پاکستان نے اسحاق ڈار کا استقبال کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار قاہرہ سے اسلام آباد واپسی پر مدینہ منورہ پہنچے ہیں۔

## بنگلہ دیش کے وزیر اعظم کا پہلا غیر ملکی دورہ، بھارت کے بجائے ملائیشیا اور چین کا انتخاب

طارق رحمان کی قیادت میں بنگلہ دیش قومی مفادات پر مبنی ایک متوازن خارجہ پالیسی پر عمل پیرا نظر آتا ہے

خاص طور پر ایسے وقت میں جب علاقائی طاقتیں جنوبی ایشیا میں زیادہ سے زیادہ اثر و رسوخ کے لیے ایک دوسرے کا مقابلہ کر رہی ہیں

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کے وزیر اعظم طارق رحمان نے اپنے پہلے غیر ملکی دورے کے لیے بھارت کے بجائے ملائیشیا اور چین کا انتخاب کیا جس سے سفارتی (بقیہ نمبر 9)

## گلگت بلتستان کے 30 نومنتخب ارکان نے حلف اٹھالیا

پیپلز پارٹی کا 13، (ن) لیگ کے 9 ارکان، استحکام پاکستان پارٹی کے 6 اور ایم ڈبلیو ایم کے ایک رکن نے حلف اٹھا لیا۔ پیر کو اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی نذیر احمد ایڈووکیٹ نے نومنتخب ارکان (بقیہ نمبر 8)

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان اسمبلی کے 33 میں سے 30 نومنتخب ارکان نے حلف

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری اور وزیر زراعت عاشق کرمانی پنجاب اسمبلی میں مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## امریکا ایران ڈیل، مشرق وسطیٰ کی صورتحال میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں آئی، امریکی اخبار

واشنگٹن (این این آئی) ایران اور امریکا کے درمیان تقریباً 4 ماہ تک (بقیہ نمبر 13)

## ایران آسکردو چنروز میں محمد اثاثوں کا استعمال شروع کردے گا، سربراہ ایرانی مرکزی بینک

تمام اقدامات مرکزی بینک کی پالیسیوں اور ہدایات کے مطابق کیے جائیں (بقیہ نمبر 14)

# امریکہ اور ایران کے مابین 60 روزہ روڈ میپ پر اتفاق، خوش آئند ہے، سوئٹزرلینڈ

یہ روڈ میپ مذاکرات کے فوری آغاز کیلئے سازگار ماحول فراہم کرتا ہے۔ سفارتی اقدامات کشیدگی میں کمی، استحکام اور پائیدار امن کے فروغ میں معاون ثابت ہوں

ثالث ممالک، ایران اور امریکہ کے درمیان 21 اور 22 جون کی شب برکس سٹاخ میں جاری رہنے والے انتہائی اہم سفارتی مذاکرات کے دوران ہونے والی تعمیری پیش رفت حوصلہ افزا ہے

جنیوا (میڈیا نیوز) سوئٹزرلینڈ نے مشرق وسطیٰ کے تنازع کے تناظر میں امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنے والے قطر اور پاکستان کی جانب سے 22 جون کو جاری کیے گئے مشترکہ اعلامیے کا خیر مقدم کیا ہے۔ سوئس حکومت کی جانب سے جاری بیان میں خاص طور پر اس بات کا

خیر مقدم کیا ہے کہ فریقین نے 60 روز کے اندر حتمی معاہدے تک پہنچنے کے لیے ایک روڈ میپ پر اتفاق کیا ہے، یہ روڈ میپ تکنیکی مذاکرات کے فوری آغاز کے لیے سازگار ماحول فراہم کرتا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ثالث ممالک، ایران اور امریکہ کے درمیان 21 (بقیہ نمبر 15)

## بانی کی رہائی کیلئے کوششیں ماند پڑ گئی ہیں، علی امین گنڈاپور

پی پی پاکستان تحریک انصاف کے خلاف کمپر جنگی ہیں اور بانی کے اہل خانہ اور وکلا کی ملاقات نہیں کرائی جارہی، سابق وزیر اعلیٰ کے لیے کوششیں ماند پڑ چکی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں سابق وزیر اعلیٰ خیبر (بقیہ نمبر 17)

پشاور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ بانی تحریک انصاف کی رہائی

## ٹیکٹیکل ملزمالکان اور ایف بی آر کے درمیان کیمرے لگانے کا معاملہ شدت اختیار کرگیا

لاہور (این این آئی) ٹیکٹیکل ملز مالکان اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے درمیان کیمرے لگانے (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: قومی پیغام امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت مولانا طاہر اشرفی کر رہے ہیں

## کراچی کے مختلف منصوبوں کیلئے وفاقی بجٹ میں مختص فنڈز کی تفصیلات سامنے آگئیں

ضلع غربی کراچی میں انفرا اسٹرکچر ڈیولپمنٹ پیکیج کے لیے 7 ارب 50 کروڑ روپے اور کراچی واٹر بلک سپلائی اسکیم کیلئے 10 ارب روپے مختص

کراچی ارین انفرا اسٹرکچر ڈیولپمنٹ پیکیج کے لیے 7 ارب 50 کروڑ روپے اور گریٹر کراچی واٹر بلک سپلائی اسکیم کیلئے 10 ارب روپے مختص

کراچی (این این آئی) کراچی کے مختلف منصوبوں کے لیے وفاقی بجٹ میں مختص فنڈز کی تفصیلات سامنے آگئیں، (بقیہ نمبر 18)

## مقبوضہ جموں و کشمیر میں باغ مالکان کو بے دخلی کا سامنا

ضلع کولگام کے علاقے ہاچی پورہ میں 500 سے زائد سیب کے درختوں کو کاٹ دیا جس سے لاکھوں روپے کا نقصان ہوا

کشمیری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کو منظم پالیسیوں اور اقدامات سے نشانہ بنایا جارہا ہے، جس سے ان کی بقاء کو خطرہ لاحق

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں شہریاں کے باغ مالکان کو بے دخلی کے فرمان اور کولگام میں

سیکیورٹی چھل دار درختوں کی کٹائی نے ان خدشات کو تقویت دی ہے کہ کشمیری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کو منظم پالیسیوں (بقیہ نمبر 31)

# کراچی کے مختلف منصوبوں کیلئے وفاقی بجٹ میں مختص فنڈز کی تفصیلات سامنے آگئیں

وفاقی بجٹ میں گرین لائن بس کراچی کے لیے 1 ارب 98 کروڑ روپے اور ضلع غربی کراچی میں انفرا اسٹرکچر کی بحالی کے لیے 24 کروڑ 54 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں

اب 50 کروڑ روپے اور گریٹر کراچی واٹر بلک سپلائی اسکیم کے لیے 10 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ وفاقی بجٹ میں گرین لائن بس کراچی کے لیے 1 ارب (بقیہ نمبر 21)

تفصیلات سامنے آگئیں، رپورٹ کے مطابق کراچی ارین انفرا اسٹرکچر ڈیولپمنٹ پیکیج کے لیے 7 (بقیہ نمبر 20)

## عدالت سے رجوع کرنے والوں کیخلاف مقدمات ناقابل برداشت، چیف جسٹس

لوجر اموالہ پولیس کے رویے پر برہمی، سی پی او سے اکٹھا رپورٹ طلب، 6 جولائی تک سماعت ملتوی

چیف جسٹس عالیہ نیلم نے اراضی قبضہ پر پولیس کی عدالت سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران درخواست گزار کے خلاف (بقیہ نمبر 22)

لاہور: خاتون رکن پنجاب اسمبلی، بجٹ اجلاس میں شرکت کے لئے آرہی ہیں

## راجوری میں بھارتی فورسز کا آپریشن مسلسل 31 ویں روز بھی جاری رہی

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع راجوری میں بھارتی فورسز کی محاصرہ (بقیہ نمبر 23)

## ڈی ایف بی کا مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری سیاسی جبر، معاشی استحصال پر اظہار تشویش

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جمو (بقیہ نمبر 24)

## کاکروچ جنتا پارٹی کا نئی دہلی میں پارلیمنٹ ہاؤس کے قریب احتجاج

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں سوشل میڈیا پر مقبول ہونے والی نوجوانوں کی تنظیم کاکروچ جنتا پارٹی کے حامیوں اور طلباء نے نئی دہلی میں پارلیمنٹ ہاؤس کے قریب (بقیہ نمبر 25)

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ لاہور رنگ روڈ اسٹیزن ٹول پلازہ کی ڈیجیٹلائزیشن کا افتتاح کر رہے ہیں

# پاکستان کی ثالثی کوششوں نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچایا، رانا ثناء اللہ

ثالثی کے بعد کیا نوبیل پیس پرائز پاکستان کو ملنا چاہیے؟، صحافی ..... نوبیل پیس پرائز کمیٹی ہی طے کرے گی کہ کسے ملنا چاہیے، مشیر وزیر اعظم

پاکستان کی سفارتی کوششوں سے ایران امریکا معاہدے سے خطے میں امن کی قیام کی امید ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی سفارتی کوششوں نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچایا ہے۔ صحافی نے استفسار کیا کہ ثالثی کے بعد کیا نوبیل پیس پرائز پاکستان کو ملنا چاہیے؟ رانا ثنا اللہ نے جواب دیا کہ نوبیل پیس پرائز کمیٹی ہی طے کرے گی کہ کسے ملنا

پاکستان کی سفارتی کوششوں نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچایا ہے۔ صحافی نے استفسار کیا کہ ثالثی کے بعد کیا نوبیل پیس پرائز پاکستان کو ملنا چاہیے؟ رانا ثنا اللہ نے جواب دیا کہ نوبیل پیس پرائز کمیٹی ہی طے کرے گی کہ کسے ملنا چاہیے۔ وزیر اعظم کے مشیر نے کہا کہ جو کام وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کیا ہے وہ نوبیل پیس پرائز سے اوپر کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سفارتی کوششوں سے (بقیہ نمبر 3)

## مودی حکومت اپنی ریاستوں کو تقسیم کرنے کے لیے بھی پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے لگی

کرناٹک اور تامل ناڈو کے درمیان جاری کاویری تنازعہ اس خطرناک کھیل کی ایک روشن مثال ہے

علاقائی تقسیم کو بھی گہرا کرتی ہے جس سے تفاوتوں پر مبنی وفاقیت کی روح بری طرح مجروح ہوتی ہے

نئی دہلی (این این آئی) مودی کی زیر قیادت بھارتی حکومت تقسیم کرو اور حکومت کرو کی سخت عملی پر عمل پیرا ہے جو اپوزیشن کے زیر اقتدار ریاستوں کو پانی کی تقسیم کرنے اور اقتدار پر اپنی گرفت مضبوط کرنے کے لیے پانی کو ایک سیاسی ہتھیار کے (بقیہ نمبر 9)

## راجوری میں جاری سیاسی جبر، معاشی استحصال پر اظہار تشویش

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں شہریاں کو کاکروچ جنتا پارٹی کے حامیوں اور طلباء نے نئی دہلی میں پارلیمنٹ ہاؤس کے قریب (بقیہ نمبر 25)

## نیویارک میں ماسٹر کارڈ کے زیر اہتمام ایک نشست کا انعقاد کیا گیا

98 فیصد پاکستانیوں کے پاس ڈیجیٹل شناختی کارڈ مگر صرف 30 فیصد بینکنگ نظام کا حصہ ہیں، ظفر مسعود

عالمی بلٹ کامرز ہونے کے ناطے بینکنگ نظام کو فری اور غیر رسمی لین دین کی ضروریات کے مطابق ڈھالنے کی اشد ضرورت ہے، خاب

نیویارک (این این آئی) بینک آف پنجاب کے صدر اور سی ای او ظفر مسعود نے کہا ہے کہ پاکستان میں 98 فیصد شہریوں کے پاس ڈیجیٹل شناختی کارڈ کی سہولت موجود ہے تاہم اس کے باوجود صرف 30 فیصد بالغ افراد رسمی بینکنگ کے

## عالمی برادری تنازعہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کرے، حریت رہنما

اسلام آباد (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں و کشمیر شاخ کے رہنماؤں نے کشمیریوں کی زینو (بقیہ نمبر 28)

## وگو ڈالے کے بعد خواجہ آصف نے بلٹ پروف گاڑیوں پر بھی سوال اٹھا دیا

دیکھا جائے کس کس کے پاس بلٹ پروف گاڑی ہے اور کیوں ہے، وزیر دفاع

پارلیمنٹ کو وگو ڈالے سے بچائیں، وگو ڈالا ویسے بھی بے ہودگی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے وگو ڈالے کے بعد بلٹ پروف گاڑیوں کی تعداد میں اضافے پر بھی سوال اٹھا دیا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے خواجہ محمد آصف نے کہا کہ ملک میں بلٹ پروف گاڑیوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوگیا ہے، وزارت داخلہ ملک بھر میں بلٹ پروف گاڑیوں کی فہرست مرتب کرے۔ انہوں نے کہا دیکھا جائے کہ کس کے پاس بلٹ پروف گاڑی ہے اور کیوں ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ (بقیہ نمبر 27)

## نجی شعبے کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے، حافظ نعیم الرحمٰن

نجی شعبے کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ کرتے ہیں، حکومت کا آدھا بجٹ سود میں جاتا ہے

اعلیٰ عدالتی احکامات کے باوجود حکومت سود ختم کرنے میں سنجیدہ نہیں، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت کو پیٹرول کی قیمت 225 روپے 3 سال تک فکس کرنی چاہیے۔ مہنگائی کے دور میں نجی شعبے کے لیے کوئی ریلیف نہیں دیا گیا، تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا، نجی شعبے کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ کرتے ہیں، حکومت کا آدھا بجٹ سود میں جاتا ہے، اعلیٰ عدالتی احکامات کے باوجود حکومت سود ختم کرنے میں سنجیدہ نہیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے دور میں نجی شعبے کے لیے کوئی ریلیف نہیں دیا گیا، تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا، نجی شعبے کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت کا آدھا بجٹ سود میں جاتا ہے، اعلیٰ عدالتی احکامات کے باوجود حکومت سود ختم کرنے میں سنجیدہ نہیں، امیر جماعت اسلامی

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

## چین میں ڈریگن بوٹ فیسٹیول کی تعطیلات ختم، ریلوے سرمز پر ہوائیں کارش عروج پر رہا

بیجنگ (شہوا) چین کے قومی ریلوے نیٹ ورک کے ذریعے ڈریگن بوٹ فیسٹیول کی تعطیلات کے آخری روز منگل اتوار کو ایک کروڑ 79 لاکھ 40 ہزار سفری دورے ریکارڈ کئے گئے کیونکہ ملک بھر میں واپسی کے سفر کا رش اپنے عروج پر رہا۔ رجسٹری ہونی سفری طلب کو پورا کرنے کے لئے اس روز 1355 اضافی ٹرینیں چلانے کا انتظام کیا گیا۔ قومی ریلوے آپریٹر کے مطابق یہ اقدام مسافروں کی سہولت اور باقاعدہ سفر کو یقینی بنانے کے لئے کیا گیا۔ ہفتے کے روز چین کی ریلوے سرمز کے ذریعے ایک کروڑ 21 لاکھ 40 ہزار سے زائد سفری دورے کئے گئے جبکہ پورے دن کے دوران ٹرین آپریشن محفوظ، مستحکم اور منظم انداز میں جاری رہے۔ ڈریگن بوٹ فیسٹیول روزمنایا اگیا جبکہ اس کی سرکاری تعطیلات جمعہ سے اتوار تک جاری رہیں۔

## ڈریگن بوٹ فیسٹیول کی تعطیلات کے دوران چین کی صارف منڈی مستحکم رہی

بیجنگ (شہوا) چین کی وزارت تجارت نے کہا کہ ڈریگن بوٹ فیسٹیول کی تعطیلات کے دوران چین کی صارف منڈی مستحکم رہی جبکہ روزمرہ ضروریات کی اشیاء کی فراہمی وافر اور قیمتیں مستحکم رہیں۔ وزارت کے مطابق 3 روز تعطیلات کے دوران وزارت کی زیر نگرانی موجود 78 اہم پیول راہداریوں اور تجارتی علاقوں میں آنے والے افراد کی تعداد اور کاروباری لین دین میں بالترتیب 4 فیصد اور 5.3 فیصد سالانہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اعداد و شمار کے مطابق ہفتے تک اشیاء صرف کے تبادلہ پر کراموں سے 13 کروڑ 60 لاکھ امریکی ڈالر سے متفید ہوئے اور روان سال فروخت کا حجم 10 کھرب یوآن (تقریباً 78.146 ارب امریکی ڈالر) سے تجاوز کر گیا۔ تعطیلات کے دوران کاروبار کی تعداد 34 لاکھ 28 ہزار یونٹس تک پہنچ گئی، جس سے 24.555 ارب یوآن کی فروخت ہوئی جبکہ گھریلو برقی آلات، ڈیجیٹل اور سمارٹ مصنوعات کے تبادلے کی مجموعی تعداد 13 کروڑ 28 لاکھ 95 ہزار تک رہی جس میں 63.451 ارب یوآن کی فروخت ہوئی۔ روزمرہ ضروریات کی اشیاء کی منڈی میں سود افرمری اور قیمتیں عمومی طور پر مستحکم رہیں۔ وزارت کے مطابق ملک بھر کے 200 بڑے زرعی اور دیہی زرعی مصنوعات کے تھوک بازاروں میں ذخائر کافی مقدار میں موجود تھے۔ اعداد و شمار کے مطابق اناج، خوردنی تیل، گوشت اور پھلوں کی قیمتیں تعطیلات سے قبل کی سطح کے قریب رہیں جبکہ انڈوں کی قیمتوں میں 7.0 فیصد اور سبزیوں کی قیمتوں میں 3.0 فیصد کی ریکارڈ کمی کی گئی۔ ڈریگن بوٹ فیسٹیول جسے دوہان وو فسٹیول بھی کہا جاتا ہے، اس سال جمعہ کے روز منایا گیا، جبکہ اس کی سرکاری تعطیلات جمعہ سے اتوار تک جاری رہیں۔

کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان ضلع قصور مرکزی جلوس روٹس پر انتظامات کا جائزہ، مرکزی امام بارگاہ، مساجد اور مدارس کے منتظمین سے ملاقات کر رہی ہیں

# وزیر اعلیٰ پنجاب ہدایات۔ محرم انتظامات جائزہ دورے۔ کمشنر لاہور مریم خان اور آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل کا ضلع قصور کا دورہ۔

## کمشنر لاہور مریم خان اور آر پی او نے محرم روٹس پر سکیورٹی اور میونسپل انتظامات کا جائزہ لیا

## قصور مرکزی جلوس روٹ پر امام بارگاہوں، مسجد اور مدارس کا بھی دورہ کیا گیا۔ محرم روٹس پر پیچ ورک۔ لائٹنگ اور نکاسیٔ آب مینگی انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ کمشنر لاہور

## امام بارگاہ اور مساجد کے منتظمین، علما اکرام اور آئمہ عظام سے ملاقات۔ علماء و آئمہ اکرام نے انتظامیہ سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب ہدایات پر کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان کے محرم انتظامات جائزے کے لئے دوروں کا تسلسل جاری ہے۔ کمشنر لاہور مریم خان اور آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل نے ضلع قصور کا دورہ کیا اور محرم روٹس پر سکیورٹی اور میونسپل انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی سی قصور آصف رضا اور ڈی پی او نے محرم انتظامات پر تفصیلاً بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع قصور میں محرم جلوسوں کی تعداد 109 جبکہ مجالس کی تعداد 506 ہے۔ کمشنر لاہور محرم خان اور آر پی او اطہر اسماعیل نے قصور مرکزی محرم روٹ کا پیدل دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے مرکزی جلوس قصور اور امام بارگاہ سمجد شاہ نجف اور مرکزی مدرسہ جامعہ ربیہ ضلع قصور کا دورہ کیا۔ قصور مرکزی جلوس روٹ پر جامعہ اہلبیت سمجد اور جامع علی مسجد کا بھی دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے امام بارگاہ اور مساجد کے علما اکرام اور آئمہ عظام سے ملاقات کی۔ علماء و آئمہ عظام کا بین المسالک ہم آہنگی کیلئے امام بارگاہ سمجد شاہ نجف اور مرکزی مدرسہ جامعہ ربیہ ضلع قصور کا دورہ کیا۔ قصور مرکزی جلوس روٹ پر جامعہ اہلبیت سمجد اور جامع علی مسجد کا بھی دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے امام بارگاہ اور مساجد کے علما اکرام اور آئمہ عظام سے ملاقات کی۔ علماء و آئمہ عظام کا بین المسالک ہم آہنگی کے تسلسل کا اعادہ کیا اور انتظامیہ سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ کمشنر لاہور نے محرم روٹس پر سٹیلوں پر انتظامات اور موبائل سگنل ویجنگ کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمشنر لاہور مریم خان نے کہا ہے کہ قصور مرکزی جلوس روٹ کو حتمی الاحکم عمل کے مطابق چیک کیا گیا، انہوں نے کہا کہ محرم روٹس پر پیچ ورک، لائٹنگ اور نکاسیٔ آب مینگی انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے، حکومتی ہدایات اور ایس او پی ز کے مطابق تمام انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ ڈی سی اور ڈی پی او تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مکمل طور پر خود رابطہ میں رہیں۔

## یو ای ٹی لاہور کا ای کیٹ 2026 (فیز ٹو) کامیابی سے مکمل، 24 ہزار سے زائد امیدوار شریک

## نتائج 23 جون کو جاری ہوں گے، داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جولائی مقرر

لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی لاہور کے زیر اہتمام انڈر گریجویٹ فال ایڈمیشن 2026 کے لیے منعقدہ کمپائنڈ انٹری ٹیسٹ کا دوسرا مرحلہ 17 جون سے 21 جون 2026 تک کامیابی سے منعقد ہوا۔ وائس چانسلر انجینئر مشہد حیدر نے ٹیسٹنگ سروسز کے ہمراہ امتحانی سنٹر زکا دورہ کیا۔ ٹیسٹ کیپیوٹر مینٹ نظام کے تحت متعدد سیشنز میں یو ای ٹی لاہور، اس کے ذیلی کیمپسز اور مختلف شراکت دار تعلیمی اداروں میں بلک وقت لیا گیا۔ ترجمان یو ای ٹی لاہور کے مطابق ای کیٹ 2026 (دوسرے مرحلے) میں مجموعی طور پر 24 ہزار 288 امیدواروں نے شرکت کی۔ ہر سیشن کا دورانیہ 100 منٹ رکھا گیا جبکہ امیدواروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے کیلکولیٹر مارکنگ سکیم بھی لاگو کی گئی۔ امیدواروں کی سہولت کے لیے ٹیسٹ کا انعقاد یو ای ٹی لاہور میں کیمپس، لیہل آباد اور نارووال کیمپسز، رچنا کالج آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی گوجرانوالہ، خواجہ فرید یونیورسٹی رحیم یار خان، یو ای ٹی ٹیکسلا، یونیورسٹی آف گجرات، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور این ایف سی انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ملتان سمیت 10 مختلف مراکز پر کیا گیا۔ ای کیٹ 2026 (دوسرے مرحلے) کے نتائج کا اعلان 23 جون 2026 کو کیا جائیگا، جس کے فوراً بعد آن لائن داخلہ فارم جمع کروانے کا عمل شروع کر دیا جائے گا۔ امیدوار 12 جولائی سے 14 جولائی 2026 تک 1500 روپے فیس جمع کرا کے پہلے سے جمع شدہ درخواست میں ضروری ترمیم کر سکیں گے جبکہ آن لائن داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جولائی 2026 مقرر کی گئی ہے۔ انڈر گریجویٹ پروگرام میں داخلوں کیلئے پہلی میرٹ لسٹ 24 جولائی، دوسری 7 اگست، تیسری 14 اگست اور چوتھی میرٹ لسٹ 21 اگست 2026 کو جاری کی جائے گی۔ داخلہ حاصل کرنے والے یا یونیورسٹی جوائن کرنے والے طلبہ 28 جون سے 30 اگست 2026 تک 1500 روپے فیس کے عوض ایک مرتبہ پروگرام پر طلبہ کی تعداد کے لیے درخواست دے سکیں گے۔ تعدیلی شدہ پروگرام کی بنیاد پر میرٹ لسٹ کا حتمی 2026 کو جاری کی جائے گی۔ انڈر گریجویٹ پروگرام کے تعلیمی سال کی باقاعدہ کلاسوں کا آغاز 7 ستمبر 2026 سے ہوگا۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے ای کیٹ کے کامیاب انعقاد پر تمام متعلقہ اداروں، عملے اور امیدواروں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ داخلہ کا عمل شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر جاری رکھا جائے گا۔

## تائیوان میں افسانوی جدامجد فوشی کی تعظیمی تقریب کا انعقاد

تائی پے (شہوا) تائیوان کے شہر شونچاؤ نے چین کی قوم کے افسانوی جدامجد فوشی کی تعظیم کے لئے منعقدہ ایک تقریب میں سو سے زائد افراد نے شرکت کی۔ یہ تقریب جمعہ کو شونچاؤ کے شہر تیان شان شوئی میں منعقد ہونے والی اسی نوعیت کی تقریب کے ساتھ ایک وقت منعقد کی گئی جہاں کے بارے میں خیال ہے کہ یہ فوشی کی جائے پیدائش ہے۔ یہ سال 13 واں سال ہے کہ آج پانچ تائیوان کے دونوں جانب لوگوں نے فوشی کی تعظیم کے لیے یک وقت تقریبات منعقد کیں۔ اس روایت کا آغاز 2014 میں ہکلی مشترکہ تقریبات سے ہوا تھا۔ اس سال تائیوان میں یہ تقریب نیو تائی پے شہر کے شیان سے متعلق ہوئی جہاں تقطع شعبہ بالے زندگی سے متعلق رکھنے والے نمائشوں نے قدیم رسومات ادا کیں اور فوشی کے شہر کو خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریب سے گمران لی چیین لونگ، جو شیان سے مندرے کے منتظم بھی ہیں، نے کہا کہ فوشی پوری چینی قوم کے لئے ایک قابل احترام روحانی سرچشمہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ تقریبات اس بات کا مظہر ہیں کہ آر پار تائیوان کے دونوں طرف لوگوں کی تعظیم کے لیے یک وقت تقریبات منعقد ہیں۔ اس ثقافتی ورثے کے حامل ہیں۔

غزہ پٹی کی بندرگاہ کے قریب ایک عارضی پناہ گاہ کے پاس لوگ پینے کا پانی بھر کر لے جا رہے ہیں۔ (شہوا)

## شفیق آباد پولیس نے رہائشی ایریا کے گردونواح میں منشیات فروشی کرنے والا گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ترجمان پولیس کے مطابق ڈی ایس پی شفیق آباد سرکل محمد باشرف انصاری اور ایس ایچ او شفیق آباد نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران ریکارڈ یافتہ ملزم شہریار کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1520 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ اس پی آئی ڈی ایس ایچ او شفیق آباد نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ریکارڈ یافتہ ملزم شہریار کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1520 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ اس پی آئی ڈی ایس ایچ او عاطف امیر کا کہنا ہے کہ ملزم پیدل چل پھر کر منشیات فروشی کر رہا تھا۔

## اتوار کے روز پولیس آپریشنز ونگ کی کارروائیاں

لاہور (کرائم رپورٹر) اتوار کے روز پولیس آپریشنز ونگ کی کارروائیاں، 269 ملزمان گرفتار، 8 پستول اور جنون کو بیاں برآمد ہوئیں۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 24 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 9 کلو 930 گرام چرس، 02 کلو 980 گرام آئس اور 81 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پنگ بازی ایکٹ کے خلاف وزی پر 3 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ جوئے کے ڈوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران 08 ملزمان کو حراست ہراسی میں لے کر ۱۱ پر کل رقم بھی قبضے میں لے لی گئی۔ ترجمان پولیس کے مطابق، ہارٹ سیف خلاف قانونی کارروائی ملزمان میں لائی گئی۔

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی: حکومت نے بلا تاخیر ریلیف عوام تک منتقل کیا: سیف الملوک کھوکھر

لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی پر حکومت نے بلا تاخیر ریلیف عوام تک منتقل کیا ہے، ان شاء اللہ آنے والے دنوں میں مزید خوشخبریاں بھی ملیں گی، وفاقی اور پنجاب حکومت نے بہترین بجٹ پیش کیا ہے جو معیشت کی ترقی کا ثبات ہوں گے۔ کھوکھر پچیں میں نگی کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقات کر کے اور انتظامیہ کے ساتھ مل کر ہارٹ سیف کے ذریعے فوری مداخلت کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکز میں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 23 جون 2026ء

# آرمی چیف کا گوجرانوالہ سے شیعہ علماء کونسل کے وفد کی اہم ملاقات

## ملاقات میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

گوجرانوالہ (نوید، بہاری) جنرل پولیس آفیسر گوجرانوالہ ریجن ڈاکٹر احمد وزارج نے سوموار صبح علماء خیال کونسل پاکستان شاری پنجاب، پیرا ماشتی ایس کا کی اور سید عمران حیدر، شاری ڈپٹی کمشنر ڈی ٹیم علی ہاکول ایڈوکیٹ شمالی پنجاب کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے آرمی ہاؤس گوجرانوالہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں علم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں رجسٹرڈ احمد وزارج کے علاوہ سید عمران حیدر، شاری ڈپٹی کمشنر ڈی ٹیم، علامہ ہاکول ایڈوکیٹ، ڈاکٹر نذار احمد، سید عمران حیدر، سید عالم بخشی، ملک اعجاز حسین گلوبی

# ادارتی صفحہ
# EDITORIAL

## پائیدار معیشت کی بنیاد

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب نے قومی اسمبلی میں بجٹ پر بحث سمیٹتے ہوئے کہا کہ مالی سال 27-2026ء کا بجٹ گزشتہ دو سالوں میں حاصل کی گئی ترقی کو پائیدار بنیاد فراہم کرے گا۔ بجٹ کے حوالے سے یہ باتیں خوش آئند ہیں اور صنعتی اور کاروباری حلقے بھی بجٹ پر عمومی اطمینان کا اظہار کرتے ہیں مگر معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کیلئے مزید بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ معاشی استحکام کیلئے ملکی برآمدات میں اضافہ ایک ناگزیر عمل ہے' تاہم ملک عزیز کے وسائل اور صلاحیتوں کے مقابلے میں ہماری برآمدات خاصی کم ہیں اور ان میں نمو نہایت سست ہے۔ پچھلے پانچ برس کا جائزہ لیا جائے تو برآمدات کا سالانہ حجم 31 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہے جبکہ رواں مالی سال کے پہلے گیارہ ماہ کے دوران برآمدات گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں تقریباً ساڑھے پانچ فیصد کم ہیں۔ گزشتہ مالی سال کے پہلے گیارہ ماہ میں 563.29 ارب ڈالر کی برآمدات ہوئیں جبکہ رواں سال کے اس عرصہ میں 904.27 ارب ڈالر کی۔ برآمدات کا جمود یا تنزل معیشت کے حوالے سے تشویشناک منظر کشی کرتا ہے۔ ضروری ہے کہ اس حوالے سے درپیش رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔ یہ رکاوٹیں زیادہ تر بیرونی نہیں داخلی ہیں۔ عالمی سطح پر پاکستان کی مصنوعات کو بدستور اہمیت حاصل ہے اور دنیا کے تمام بڑے ممالک میں ان مصنوعات کی کھپت ہے۔ حکومتی سطح پر بھی پاکستانی مصنوعات کو ترجیحی سہولیات حاصل ہیں جیسا کہ یورپ میں جی ایس پی پلس' امریکہ میں اس خطے کے دیگر ممالک کی نسبت کم ٹیرف اور چین کیساتھ تجارتی معاہدے کے تحت چینی مارکیٹ تک ڈیوٹی فری رسائی۔ ان سہولتوں سے برآمدات میں اضافہ ہونا چاہیے مگر یہاں اسکے برعکس ہے۔ صنعتی ترقی کی راہ میں رکاوٹوں کی وجوہات ڈھکی چھپی نہیں۔ مہنگی توانائی' ٹیکسوں کی اونچی شرح' مہنگے قرضے' سکیورٹی کے مسائل' بیرونی سرمایہ کاری میں کمی اور سیاسی عدم استحکام صنعتی ترقی کی راہ کی بڑی رکاوٹیں ہیں۔ آنیوالے مالی سال کو اگر پائیدار ترقی کی بنیاد بنانا ہے تو ان رکاوٹوں کو دور ہونا چاہیے۔ حکومت نے بجٹ میں صنعتی شعبے کیلئے بعض ٹیکسوں کی شرح میں کمی کا جو فیصلہ کیا ہے اسکی اہمیت اپنی جگہ مگر یہ کافی نہیں۔ صنعتی ترقی کیلئے سستے قرض' سستی توانائی' سرمایہ کاری کیلئے پُرکشش حالات اور ملک میں امن وامان یقینی بنانا ہوگا۔ امریکہ ایران جنگ کی وجہ سے توانائی کی عالمی قیمتوں میں اضافہ باعثِ تشویش تھا مگر اب جبکہ یہ تنازع ختم ہو چکا اور امن کی جانب پیش رفت ہو رہی ہے تو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد بجلی کے نرخوں میں کمی اور شرح سود میں بھی کمی کی ضرورت ہے تاکہ صنعتیں سستی توانائی کے ساتھ ساتھ مالی وسائل کے حصول میں بھی آسانی محسوس کریں۔ حالیہ برسوں کے دوران ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کے رجحان میں کمی واقع ہوئی۔ رواں مالی سال کے پہلے گیارہ ماہ کے دوران 6.1 ارب ڈالر کی خالص براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 28 فیصد کم ہے۔ برآمدات اور سرمایہ کاری سمیت معیشت کے متعدد اہم شعبوں میں سال بسال کمی تشویش کا باعث ہے اور آنے والے مالی سال کو اگر معاشی نمو' ترقی اور استحکام کا سال بنانا ہے تو ان مسائل کے اسباب کو سمجھ کر ان کا ازالہ کیے بغیر ایسا ممکن نہ ہوگا۔ نئے مالی سال کو معاشی ترقی کا سال بنانے کیلئے معاشی فیصلوں میں توازن اور اعتدال کی ضرورت ہوگی۔ بجٹ کی حد تک اسکے آثار موجود ہیں تاہم ہمارے ہاں کوئی پتہ نہیں چلتا کہ حکومتیں منی بجٹ کی صورت میں کب اپنے پہلے فیصلوں کو تبدیل کر دیں۔ مالی سال 2027ء میں سابقہ غلطیوں کو دہرانے کی قطعی گنجائش نہیں۔

## پاکستان کی اَنتھک کوششوں

مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کے خاتمے کیلئے پاکستان کی اَنتھک کوششوں' سفارتی بصیرت اور قائدانہ صلاحیتوں کا اعتراف پوری دنیا کر رہی ہے۔ امریکہ اور ایران کو 'اسلام آباد میمورنڈم' کے ذریعے ایک طویل اور سنگین تنازع کے پُرامن حل کی طرف لانا پاکستان کی خارجہ پالیسی کا وہ شاندار اعزاز ہے جس نے اسے عالمی برادری کا مرکزِ نگاہ بنا دیا ہے۔ اقوام متحدہ' یورپی یونین اور برطانوی ایوانِ بالا سے عالمی میڈیا تک' ہر جگہ پاکستان کے اس تعمیری کردار کی گونج سنائی دے رہی ہے' جس نے دنیا کو ایک بڑی تباہی سے بچانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ فعال سفارتکاری سے آبنائے ہرمز میں تجارتی راستوں کی بحالی اور عالمی امن کے قیام نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان عالمی بساط پہ ایک ذمہ دار اور انتہائی اہم تزویراتی کھلاڑی ہے۔ سفارتی محاذ پر حاصل ہونیوالی یہ غیر معمولی کامیابی اس حقیقت کی مظہر ہے کہ جب ملکی قیادت اور ادارے یکسو ہو کر مشترکہ وژن کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں تو بظاہر ناممکن نظر آنے والے اہداف بھی حاصل ہو جاتے ہیں۔ اس پذیرائی نے جہاں عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کیا ہے وہیں داخلی حالات کے حوالے سے ذمہ داریوں میں بھی اضافہ کیا ہے۔ خارجہ امور میں دکھائی دینے والی اس تگ ودو کی اب اندرونِ ملک سیاسی' معاشی اور سماجی استحکام کیلئے بھی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کوئی بھی ملک عالمی سطح پر پائیدار اثر و رسوخ اس وقت تک برقرار نہیں رکھ سکتا جب تک اس کی جڑیں اندرونی طور پر مضبوط نہ ہوں۔ اس وقت پاکستان کو جس نوعیت کے سیاسی وسماجی بحران کا سامنا ہے' اسے ختم کرنے کیلئے اسی عزم اور مصالحت پسندی کی ضرورت ہے جو ہم نے مشرقِ وسطیٰ کے بحران کو حل کرنے کیلئے دکھائی ہے۔ اندرونی سطح پر سیاسی جماعتوں اور اداروں سمیت تمام سٹیک ہولڈرز میں وسیع تر قومی مفاہمت ناگزیر ہو چکی ہے۔ جب تک ملک سے سیاسی بے یقینی اور سماجی اضطراب کا خاتمہ نہیں ہوتا تب تک عالمی سطح پر حاصل ہونے والی کامیابیوں کے ثمرات سے طویل عرصے تک مفاد کشید کرنا ممکن نہیں ہوگا۔ اگرچہ حالیہ مہینوں میں معیشت میں جزوی استحکام دیکھنے کو ملا ہے لیکن بنیادی سطح پر معیشت اب بھی جمود کا شکار ہے۔ یہ صورتحال ملک کی شاندار سفارتی کامیابیوں اور عالمی ساکھ سے بالکل میل نہیں کھاتی۔ ایک طرف پاکستان دنیا کے بڑے بحرانوں کو حل کرنے کیلئے ایک مضبوط اور باوقار ثالث کے طور پر ابھرا ہے اور دوسری طرف زرِمبادلہ کے ذخائر کو سہارا دینے کیلئے دوست ممالک کے ڈیپازٹس اور عالمی مالیاتی اداروں کے قرضوں کا رہین ہے۔ گزشتہ ایک برس کے دوران پاکستان عسکری اور سفارتی' دونوں محاذوں پر اپنے آپ کو منوا چکا ہے' اب ضروری ہے کہ خود کو معاشی میدان میں منوانے کا بیڑا اٹھایا جائے۔ حالیہ سفارتی کامیابی نے اس حوالے سے ایک نیا موقع فراہم کیا ہے کہ امریکہ' ایران اور مشرقِ وسطیٰ سمیت بیرونی دنیا کے ساتھ اپنے تعلقات کو ایک نئے تجارتی فریم ورک میں ڈھالا جائے۔ ایران سے سستی توانائی کے حصول کے منصوبوں کے علاوہ خلیجی اور مغربی ممالک کیساتھ تجارتی حجم میں اضافے کیلئے اس سیاسی ساکھ کو بروئے کار لایا جائے۔ آج کی دنیا اکنامک ڈپلومیسی کی طرف بڑھ رہی اور اب وہی ممالک اپنا مقام برقرار رکھ سکتے ہیں جو معاشی اور تجارتی طور پر خود کو ناگزیر بنائیں۔ لہٰذا اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نئی برآمدی منڈیوں کی تلاش' دیرپا معاشی معاہدوں اور بڑے پیمانے پر براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی کوشش کی جانی چاہیے۔ پاکستان کی اس عظیم سفارتی کامیابی کا پھل عام آدمی تک ضروریاتِ زندگی کے حصول میں آسانی' مہنگائی میں کمی اور روزگار کے نئے مواقع کی صورت میں پہنچنا انتہائی ضروری ہے۔

## موسمیاتی بحران کا خاموش بوجھ: غیر رسمی شعبے کی خواتین کی جدوجہد

تحریر: سفینہ جاوید

موسمیاتی تبدیلی آج دنیا کو درپیش سنگین چیلنجز میں سے ایک ہے، لیکن اس کے اثرات ہر فرد پر یکساں نہیں پڑتے۔ شدید گرمی، خشک سالی، سیلاب، بے موسمی بارشیں اور خوراک کی قلت جیسے عوامل سب سے زیادہ ان خواتین کو متاثر کرتے ہیں جو غیر رسمی معیشت کا حصہ ہیں۔ گلیوں میں کاروبار کرنے والی خواتین، گھریلو ملازمین، تعمیراتی مزدور، دستکار اور کسان خواتین نہ صرف اپنے خاندانوں کی کفالت میں اہم کردار ادا کرتی ہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا خاموشی سے بوجھ بھی اٹھاتی ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ ان کی مشکلات کو اکثر پالیسی سازی اور عوامی مباحث میں خاطر خواہ اہمیت نہیں دی جاتی۔

غیر رسمی شعبے سے وابستہ خواتین کی اکثریت سماجی تحفظ، صحت کی سہولیات، انشورنس اور مستحکم آمدنی جیسی بنیادی سہولتوں سے محروم ہے۔ جب شدید گرمی، بارشوں یا سیلاب کے باعث روزگار متاثر ہوتا ہے تو ان کی آمدنی فوری طور پر کم ہو جاتی ہے۔ دوسری جانب خوراک، پانی، رہائش اور صحت سے متعلق اخراجات میں مسلسل اضافہ ان کی مشکلات کو مزید بڑھا دیتا ہے۔ عالمی سطح پر ہونے والی تحقیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی خواتین کے لیے صرف معاشی نقصان کا باعث نہیں بنتی بلکہ غذائی عدم تحفظ اور صحت کے مسائل میں بھی اضافہ کرتی ہے۔ بہت سے خاندانوں میں خواتین اپنی ضروریات کو پس پشت ڈال کر بچوں اور دیگر اہل خانہ کی ضروریات کو ترجیح دیتی ہیں، جس کے نتیجے میں ان کی اپنی صحت اور معیارِ زندگی متاثر ہوتا ہے۔ پانی اور ایندھن کی قلت، طویل فاصلے طے کرنے کی مجبوری اور شدید موسمی حالات ان کے گھریلو اور پیشہ ورانہ بوجھ میں مزید اضافہ کر دیتے ہیں۔

اگرچہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات صنفی طور پر غیر جانبدار نہیں ہیں، لیکن موسمیاتی پالیسیوں اور فیصلہ سازی کے عمل میں خواتین، خصوصاً غیر رسمی شعبے سے وابستہ خواتین، کی آواز کو مناسب اہمیت نہیں دی جاتی۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ان اثرات کو سب سے پہلے محسوس کرتی ہیں، مگر ان کے مسائل کو تسلیم کرنے اور ان کے حل کے لیے موثر اقدامات اکثر تاخیر کا شکار رہتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتیں اور پالیسی ساز موسمیاتی انصاف کو صنفی انصاف سے جوڑیں۔ غیر رسمی معیشت میں کام کرنے والی خواتین کے لیے سماجی تحفظ کے نظام کو مضبوط بنایا جائے، انہیں موسمیاتی آفات سے نمٹنے کے لیے مالی اور تکنیکی معاونت فراہم کی جائے اور فیصلہ سازی کے عمل میں ان کی موثر نمائندگی کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ جامع اور طویل المدتی موسمیاتی پالیسیاں تشکیل دی جائیں تاکہ ان خواتین کے روزگار، معاشی استحکام اور وقار کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔

موسمیاتی تبدیلی محض ایک ماحولیاتی مسئلہ نہیں بلکہ سماجی اور صنفی انصاف کا بھی ایک اہم سوال ہے۔ جب تک غیر رسمی شعبے سے وابستہ خواتین کے مسائل کو تسلیم نہیں کیا جائے گا اور انہیں پالیسی سازی کے عمل میں موثر حصہ نہیں دیا جائے گا

، تب تک موسمیاتی انصاف کا خواب ادھورا رہے گا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ان نظر انداز کی جانے والی خواتین کی آواز کو سنا جائے اور انہیں ایک محفوظ، باوقار اور پائیدار مستقبل فراہم کرنے کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

اگرچہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات صنفی طور پر غیر جانبدار نہیں ہیں، لیکن موسمیاتی پالیسیوں اور فیصلہ سازی کے عمل میں خواتین، خصوصاً غیر رسمی شعبے سے وابستہ خواتین، کی آواز کو مناسب اہمیت نہیں دی جاتی۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ان اثرات کو سب سے پہلے محسوس کرتی ہیں، مگر ان کے مسائل کو تسلیم کرنے اور ان کے حل کے لیے موثر اقدامات اکثر تاخیر کا شکار رہتے ہیں۔

## جنت کا مخمصہ اور کچھ سوالات

فلسفیانہ مخمصے (paradoxes) مجھے بہت پسند ہیں، دماغ کی کھڑکیاں کھول دیتے ہیں، یار لوگ ایسے ایسے سوال اٹھاتے ہیں کہ بندہ چکرا کر رہ جاتا ہے۔ جنت کا مخمصہ اور خیر و شر کا معمہ بھی کچھ ایسا ہی ہے۔ سوال وہی سینکڑوں برس پرانا ہے کہ اگر خدا عادل و قادر ہے تو بندہ مزدور کے اوقات کیوں تلخ ہیں، دنیا میں بدی کیوں ہے، نوزائیدہ بچوں کے دل میں سوراخ کیوں ہوتا ہے، معصوم بچیاں ریپ کیوں ہوتی ہیں، فلسطین میں ظلم کیوں ہو رہا ہے؟ صدیوں سے فلسفی اور متکلمین اس سوال کا ایک ہی روایتی جواب دیتے آئے ہیں کہ چونکہ خدا نے انسان کو فیصلہ کرنے کی آزادی کے ساتھ پیدا کیا ہے لہٰذا اگر دنیا میں ظلم ہے تو وہ خدا کی وجہ سے نہیں بلکہ انسان کی اس آزادیِ انتخاب کا نتیجہ ہے۔ معتزلہ نے اِس پر سیر حاصل بحث کی ہے، مولانا مودودی کی کتاب 'مسئلہ جبر و قدر' بھی خاصی پُرمغز ہے، مگر آج ہم بھی اپنا حصہ ڈال دیتے ہیں۔

جنت کا مخمصہ یہ ہے کہ جب کوئی انسان دنیا کی آزمائشوں سے گزر کر جنت میں داخل ہوگا تو وہاں کا ماحول کیسا ہوگا؟ وہاں نہ کوئی دکھ ہوگا، نہ کوئی ظلم، نہ کوئی گناہ اور نہ ہی کوئی شر۔ وہاں صرف امن، خوشی اور پاکیزگی ہوگی۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا جنت میں انسانوں کے پاس 'فری وِل' ہوگی یعنی وہ جنت میں مجبور ہوگا یا مختار؟ اگر جواب یہ ہے کہ جنت میں انسان مکمل آزاد ہوگا تو پھر منطقی طور پر یہ ماننا پڑے گا کہ ایک ایسی دنیا ممکن تھی جہاں انسان کے پاس مکمل آزادیِ انتخاب بھی ہوتا اور وہاں کسی قسم کا کوئی گناہ یا شر بھی جنم نہ لے سکتا۔ اگر ایسی دنیا ممکن تھی، جیسا کہ جنت میں ہوگا، تو پھر قادرِ مطلق خدا نے اس کائنات کی ابتدا ہی ایک ایسی زمین سے کیوں نہ کی جہاں انسان آزاد اور مختار بھی ہوتا اور گناہ و ظلم کی گنجائش بھی نہ ہوتی؟

اور اگر جواب یہ ہے کہ جنت میں انسان کے پاس برائی کرنے کی آزادی نہیں ہوگی تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ جنت میں انسان مجبور محض ہو گا۔ اگر جنت میں وہاں فری وِل نہیں ہوگی تو گویا وہاں انسانوں میں نیکی کی 'چپ' لگا دی جائے گی جس کی وجہ سے وہ گناہ پر مائل ہی نہیں ہو سکیں گے۔

لیکن اگر خدا انسان کو روبوٹ بنا کر ہی خوش تھا تو پھر زمین پر انسان کو مختار بنانے اور معصوم بچوں کو جنگوں اور بیماریوں کی بھینٹ چڑھانے کا کیا جواز باقی رہ جاتا ہے؟ کچھ سوالات مزید بھی ہیں۔ مثلاً، اگر جنت دائمی، غیر متبدل نعمتوں کی جگہ ہے جو بغیر کسی جدوجہد کے میسر ہوں گی تو وہاں کرنے کے لیے کیا ہوگا؟ اگر کسی قسم کا چیلنج نہیں ہوگا اور کوئی ہدف نہیں ہوگا تو کیا خوشیوں کی ابدیت آخر کار جمود، بے معنی پن، یا نفسیاتی بوریت کا باعث نہیں بن جائے گی؟ اگر آپ جنت میں ہوں اور یہ جانتے ہوں کہ آپ کے پیارے جنت کی بجائے دوزخ میں ہیں تو کیا پھر بھی آپ جنت میں خوش اور مطمئن رہیں گے؟ آخری سوال، اگر یہ دنیا محض آخرت کی زندگی تک پہنچنے کے لیے ایک عارضی سیڑھی ہے تو پھر موجودہ زندگی میں جدوجہد کرنے کی کیا تُک ہے؟ ایسا نہیں ہے کہ متکلمین اور فلسفیوں نے اِن سوالات کے جوابات نہیں دیے۔ سینٹ تھامس اکوائنس نے بوریت کے مسئلے کا خاصا دلچسپ جواب دیا، انہوں نے کہا کہ جنت اِس دنیا کے زمان و مکان سے باہر ہے، وہاں وقت لامتناہی ہوگا نہ کہ اِس دنیا کے حساب سے گنا جائے گا کہ آج اتوار ہے تو کل پیر کو کیا کریں گے، لہٰذا انسان کی دنیاوی بوریت کا اصول جنت پر لاگو نہیں ہوگا۔ انسان کے اختیار اور شر کے انتخاب کا مسئلہ سینٹ آگسٹائن نے یہ کہہ کر 'حل' کر دیا کہ انسان کے کُلی طور پر مختار ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ شر کا انتخاب کر سکے بلکہ جنت میں اسے 'شعور' حاصل ہوگا کہ شر کا انتخاب درست فیصلہ نہیں اِس لیے وہ با اختیار ہونے کے باوجود بدی کی طرف مائل نہیں ہوگا۔

ایک اور صاحب ہیں جن کا نام جان ہِک ہے، وہ کہتے ہیں کہ دنیا اور جنت میں ایک بہت بڑا فرق خدا کی پردہ داری کا ہے، دنیا میں خدا نے اپنے وجود سے متعلق ابہام رکھا ہے جبکہ جنت میں یہ ابہام نہیں رہے گا، وہاں خدا ظاہر ہوگا جس کے بعد انسان کے بدی کی طرف مائل ہونے کی کوئی وجہ ہی باقی نہیں رہے گی مگر اِس کا یہ مطلب نہیں ہوگا کہ انسان سے بدی کرنے کا اختیار ہی چھین لیا جائے گا۔ مجھے جرمن فلسفی لائبنیز کا نظریہ پسند ہے۔ اس نے کہا کہ خدا چونکہ علیم و خبیر ہے اِس لیے اُس نے جتنی بھی ممکنہ کائناتیں ہو سکتی تھیں اُن سب کا جائزہ لیا اور اُن میں سے اِس کائنات کو چنا۔ لائبنیز کے مطابق، یہ دنیا 'تمام ممکنہ دنیاؤں' میں سب سے بہترین دنیا' ہے۔ خیر و شر کے متعلق اُس کا استدلال یہ تھا کہ کچھ اچھائیاں یا نیکیاں ایسی ہوتی ہیں جو برائی کے بغیر وجود میں نہیں آ سکتیں۔ مثلاً، اگر دنیا میں ظلم نہ ہو تو انصاف کی کوئی قیمت نہیں، اگر دنیا میں خطرہ اور خوف نہ ہو تو بہادری جنم نہیں لے سکتی، اس لیے، ایک اعلیٰ اخلاقی نظام کے لیے شر کا وجود ہے۔ مجھے یوں لگتا ہے کہ انسان کا جو ماڈل اِس دنیا میں 'لانچ' کیا گیا ہے وہ ماڈل جنت میں نہیں ہوگا کیونکہ یہ دنیا زمان و مکان کی محتاج ہے جبکہ جنت کا تصور مابعد الطبیعاتی ہے۔ جس طرح نیوٹن کے فزکس کے قوانین اُس شے پر لاگو نہیں کیے جا سکتے جو روشنی کی رفتار سے سفر کر رہی ہو، بعینہٖ دنیا کے قوانین کا اطلاق جنت پر نہیں کیا جا سکتا۔ ہم کوانٹم ملینکس پر 'ایمان' رکھتے ہیں جو یہ کہتی ہے کہ ایک ذرے کی رفتار اور جگہ کا تعین بیک وقت نہیں کیا جا سکتا، وہ ذرہ کہیں بھی 'موجود' ہو سکتا ہے۔ جس طرح بظاہر یہ کوانٹم ملینکس کوئی 'تُک' نہیں بناتی بالکل اُسی طرح جنت کی بھی بظاہر کوئی منطق سمجھ نہیں آتی اور اِس کی وجہ یہ ہے کہ دونوں کی دنیائیں مختلف ہیں۔ نیوٹن، آئن سٹائن اور ہائزن برگ، تینوں نے اسی دنیا کے قوانین پیش کیے مگر تینوں کا اطلاق مختلف صورتوں، حالتوں اور کیفیتوں میں ہوتا ہے، کہیں ایک قانون باطل ہو جاتا ہے تو کہیں دوسرا۔ اگر اِس ظاہری دنیا کی پیچیدگی کا یہ حال ہے تو جنت کی تو بات ہی چھوڑ دیں

## امن کی یادداشت جو شاید امن نہ لا سکے!

تحریر: عرشی عباس

ہم سب ایک ہی سیارے کے باسی ہیں، لیکن یہ سیارہ آج شدید بحران کی لپیٹ میں ہے۔ کہیں سیلاب بستیوں کو بہا لے جاتا ہے، کہیں آگ جنگلات کو جلا دیتی ہے، کہیں خشک سالی لاکھوں لوگوں کو بھوک اور پیاس کے شکنجے میں جکڑ دیتی ہے۔ یہ آفات اب کسی ایک ملک یا خطے تک محدود نہیں رہیں۔ پاکستان سے لے کر امریکہ، افریقہ سے یورپ اور ایشیا تک، موسمیاتی تبدیلی سب کو یکساں طور پر متاثر کر رہی ہے۔ یہ اس تلخ حقیقت کی نشانی ہے کہ اگرچہ ہمارے ممالک اور معیشتیں مختلف ہیں، لیکن ہم سب ایک ہی بحران کا سامنا کر رہے ہیں، یعنی آب و ہوا کی تباہ کاری۔ یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ پاکستان کا بھی ان چند ممالک میں شمار ہوتا ہے جو موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہیں حالانکہ اس کا عالمی کاربن اخراج میں حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ حالیہ برسوں میں آنے والے تباہ کن سیلاب نے کراچی سے لے کر اندرونِ سندھ تک لاکھوں لوگوں کی زندگی بدل کر رکھ دی۔ گھروں میں پانی داخل ہوا، کھیت کھلیان ڈوب گئے، لاکھوں افراد بے گھر ہوئے اور صحت کے مسائل بے پناہ بڑھ گئے۔

کراچی جیسے بڑے شہر میں بارش کے بعد گھنٹوں بلکہ دنوں تک پانی کھڑا رہنا اب معمول بنتا جا رہا ہے۔ شہری نظام ناکام دکھائی دیتا ہے اور یہ صورتحال صاف ظاہر کرتی ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو مستقبل مزید بھیانک ہو سکتا ہے۔ دوسری طرف ملک کے شمالی اور وسطی حصوں میں گرمی کی شدید لہریں انسانی صحت کو شدید نقصان پہنچا رہی ہیں۔ ہیٹ اسٹروک سے اموات میں اضافہ، بجلی اور پانی کی قلت اور معیشت پر دباؤ؟ روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔

اب اگر پاکستان میں سیلاب اور گرمی کی لہریں تباہی مچا رہی ہیں تو دنیا کے دوسرے کنارے کیلیفورنیا میں جنگلاتی آگ ہر سال ہزاروں ایکڑ زمین کو جلا دیتی ہے۔ لاکھوں لوگ نقل مکانی پر مجبور ہوتے ہیں اور اربوں ڈالر کا نقصان ہوتا ہے۔ یورپ میں مسلسل ہیٹ ویوز نے صحت کے نظام کو ہلا کر رکھ دیا ہے، ہزاروں اموات ہو چکی ہیں اور پانی کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں۔

کراچی جیسے بڑے شہر میں بارش کے بعد گھنٹوں بلکہ دنوں تک پانی کھڑا رہنا اب معمول بنتا جا رہا ہے۔ شہری نظام ناکام دکھائی دیتا ہے اور یہ صورتحال صاف ظاہر کرتی ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو مستقبل مزید بھیانک ہو سکتا ہے۔ دوسری طرف ملک کے شمالی اور وسطی حصوں میں گرمی کی شدید لہریں انسانی صحت کو شدید نقصان پہنچا رہی ہیں۔ ہیٹ اسٹروک سے اموات میں اضافہ، بجلی اور پانی کی قلت اور معیشت پر دباؤ؟ روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔

افریقہ کے کئی ممالک قحط سالی اور خشک سالی سے دوچار ہیں جہاں لوگ کھانے اور پانی کی بنیادی ضرورت کے لیے ترس رہے ہیں۔ ایشیائی خطے میں فلپائن اور بنگلہ دیش جیسے ممالک سمندری طوفان اور لینڈ سلائیڈنگ کا شکار ہیں۔ ان تمام مثالوں سے یہ بات عیاں ہے کہ آب و ہوا کی آفات کا تعلق صرف جغرافیے سے نہیں بلکہ پورے سیارے سے ہے۔ یہ سب آفات بظاہر مختلف ہیں۔ کہیں آگ، کہیں پانی، کہیں گرمی اور کہیں خشک سالی۔ مگر ان سب کا ربط ایک ہی ہے: موسمیاتی بحران۔ بڑھتا ہوا عالمی درجہ حرارت، گلیشیئرز کا تیزی سے پگھلنا، بارش کے پیٹرن میں تبدیلی اور زمین کے وسائل کا بے دریغ استعمال اس بحران کو مزید سنگین بنا رہے ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ موسمیاتی تبدیلی امیر اور غریب کی تفریق نہیں کرتی۔ کیلیفورنیا جیسا ترقی یافتہ خطہ بھی اسی طرح متاثر ہو رہا ہے جیسے سندھ کے پسماندہ دیہات۔ فرق صرف یہ ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کے پاس نقصانات کو سنبھالنے کے لیے وسائل زیادہ ہیں جبکہ غریب ممالک کے لوگ اپنی بقا کے لیے جدوجہد کرتے رہ جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آب و ہوا کی یہ آفات انسانی زندگی پر براہِ راست اثر ڈالتی ہیں۔ بیماریوں میں اضافہ، غربت، بے روزگاری اور نقل مکانی سب اسی بحران کے شاخسانے ہیں۔ لاکھوں لوگ اپنے گھروں سے ہجرت پر مجبور ہیں کیونکہ زمین یا تو پانی میں ڈوب گئی ہے یا خشک سالی سے بنجر ہو چکی ہے۔

افریقہ کے کئی ممالک قحط سالی اور خشک سالی سے دوچار ہیں جہاں لوگ کھانے اور پانی کی بنیادی ضرورت کے لیے ترس رہے ہیں۔ ایشیائی خطے میں فلپائن اور بنگلہ دیش جیسے ممالک سمندری طوفان اور لینڈ سلائیڈنگ کا شکار ہیں۔ ان تمام مثالوں سے یہ بات عیاں ہے کہ آب و ہوا کی آفات کا تعلق صرف جغرافیے سے نہیں بلکہ پورے سیارے سے ہے۔ یہ سب آفات بظاہر مختلف ہیں۔ کہیں آگ، کہیں پانی، کہیں گرمی اور کہیں خشک سالی۔ مگر ان سب کا ربط ایک ہی ہے: موسمیاتی بحران۔ بڑھتا ہوا عالمی درجہ حرارت، گلیشیئرز کا تیزی سے پگھلنا، بارش کے پیٹرن میں تبدیلی اور زمین کے وسائل کا بے دریغ استعمال اس بحران کو مزید سنگین بنا رہے ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ موسمیاتی تبدیلی امیر اور غریب کی تفریق نہیں کرتی۔ کیلیفورنیا جیسا ترقی یافتہ خطہ بھی اسی طرح متاثر ہو رہا ہے جیسے سندھ کے پسماندہ دیہات۔ فرق صرف یہ ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کے پاس نقصانات کو سنبھالنے کے لیے وسائل زیادہ ہیں جبکہ غریب ممالک کے لوگ اپنی بقا کے لیے جدوجہد کرتے رہ جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آب و ہوا کی یہ آفات انسانی زندگی پر براہِ راست اثر ڈالتی ہیں۔ بیماریوں میں اضافہ، غربت، بے روزگاری اور نقل مکانی سب اسی بحران کے شاخسانے ہیں۔ لاکھوں لوگ اپنے گھروں سے ہجرت پر مجبور ہیں کیونکہ زمین یا تو پانی میں ڈوب گئی ہے یا خشک سالی سے بنجر ہو چکی ہے۔ معیشت پر بھی اس کے گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ زرعی پیداوار متاثر ہو رہی ہے، انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچ رہا ہے اور صحت کے نظام پر دباؤ؟ بڑھ رہا ہے۔ ماحولیات پر بھی کاری ضرب لگ رہی ہے، جنگلات ختم ہو رہے ہیں، حیاتی تنوع کم ہوتا جا رہا ہے اور پانی کے ذخائر سکڑ رہے ہیں۔ لیکن راہ نجات کہاں ہے۔

اس بحران سے نمٹنے کے لیے قومی اور عالمی سطح پر اقدامات ناگزیر ہیں۔ پاکستان جیسے ممالک میں تبدیلی اور زمین کے وسائل کا بے دریغ استعمال اس بحران کو مزید سنگین بنا رہے ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ موسمیاتی تبدیلی امیر اور غریب کی تفریق نہیں کرتی۔ کیلیفورنیا جیسا ترقی یافتہ خطہ بھی اسی طرح متاثر ہو رہا ہے جیسے سندھ کے پسماندہ دیہات۔ فرق صرف یہ ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کے پاس نقصانات کو سنبھالنے کے لیے وسائل زیادہ ہیں جبکہ غریب ممالک کے لوگ اپنی بقا کے لیے جدوجہد کرتے رہ جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آب و ہوا کی یہ آفات انسانی زندگی پر براہِ راست اثر ڈالتی ہیں۔ بیماریوں میں اضافہ، غربت، بے روزگاری اور نقل مکانی سب اسی بحران کے شاخسانے ہیں۔ لاکھوں لوگ اپنے گھروں سے ہجرت پر مجبور ہیں کیونکہ زمین یا تو پانی میں ڈوب گئی ہے یا خشک سالی سے بنجر ہو چکی ہے۔ معیشت پر بھی اس کے گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ زرعی پیداوار متاثر ہو رہی ہے، انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچ رہا ہے اور صحت کے نظام پر دباؤ؟ بڑھ رہا ہے۔ ماحولیات پر بھی کاری ضرب لگ رہی ہے، جنگلات ختم ہو رہے ہیں، حیاتی تنوع کم ہوتا جا رہا ہے اور پانی کے ذخائر سکڑ رہے ہیں۔ لیکن راہ نجات کہاں ہے۔

اس بحران سے نمٹنے کے لیے قومی اور عالمی سطح پر اقدامات ناگزیر ہیں۔ پاکستان جیسے ممالک میں تبدیلی اور زمین کے وسائل کا بے دریغ استعمال اس بحران کو مزید سنگین بنا رہے ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ موسمیاتی تبدیلی امیر اور غریب کی تفریق نہیں کرتی۔ کیلیفورنیا جیسا ترقی یافتہ خطہ بھی اسی طرح متاثر ہو رہا ہے جیسے سندھ کے پسماندہ دیہات۔ فرق صرف یہ ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کے پاس نقصانات کو سنبھالنے کے لیے وسائل زیادہ ہیں جبکہ غریب ممالک کے لوگ اپنی بقا کے لیے جدوجہد کرتے رہ جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آب و ہوا کی یہ آفات انسانی زندگی پر براہِ راست اثر ڈالتی ہیں۔ بیماریوں میں اضافہ، غربت، بے روزگاری اور نقل مکانی سب اسی بحران کے شاخسانے ہیں۔ لاکھوں لو

# انٹرنیشنل

فلسطینی نوجوان گرم موسم میں غزہ کی بندرگاہ کے پانیوں میں چھلانگ لگا رہے ہیں

## بحیرہ احمر، عجائب گھر پینل کی جدہ و طائف کے مشترکہ ورثے کے بارے میں نشست

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے اہم شہروں جدہ اور طائف کے درمیان قدیمی ثقافتی و تاریخی تعلقات اور تہذیبی ورثے کے بارے میں عجائب گھر کے پینل نے ایک سیمینار کا اہتمام کیا ہے۔ جدہ اور طائف کے قدیمی رابطوں اور تعلقات کو اس سیمینار کے سیشن میں ایک مشترکہ شناخت کے طور پر "البلاد" کا نام دیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سیمینار کا عنوان اس دوطرفہ تاریخی تعلق کو نمایاں کرنے کے لیے تاریخی جدہ میں طائف کے جوہر کا نام دیا گیا تھا۔ دونوں شہروں سے تعلق رکھنے والے فنکاروں، موسیقاروں اور ثقافتی ورثے کو اجاگر کرنے کے لیے ماہرین کو بطور خاص سیمینار میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی

میکسیکو سٹی: گلوریٹا ڈی لاس ڈیسا پاریسیڈوس میں احتجاجی مظاہرے کے دوران مظاہرین

## غزہ میں اسرائیلی حملہ، ایک ہی خاندان کے 4 افراد اور

**حملے کے وقت خاندان کے افراد سو رہے تھے اور ان کا کسی عسکری گروہ سے کوئی تعلق نہیں تھا، فلسطینی حکام**

غزہ سٹی (این این آئی) جنگ بندی کے باوجود غزہ میں اسرائیلی حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ فلسطینی حکام کے مطابق تازہ اسرائیلی فضائی حملوں میں کم از کم 11 فلسطینی جاں بحق ہوگئے ہیں، جن میں ایک صحافی اور ایک ہی خاندان کے چار افراد بھی شامل ہیں۔ غزہ کی سول ڈیفنس ایجنسی کے مطابق رات گئے غزہ سٹی کے علاقے الصبرہ میں ایک رہائشی اپارٹمنٹ کو اسرائیلی فضائی حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ حملے میں الصفدی خاندان کے چار افراد، جن میں میاں بیوی اور ان کی دو کمسن بیٹیاں شامل تھیں، جاں بحق ہوگئے جبکہ 12 افراد زخمی بھی ہوئے۔ غزہ کے الشفا اسپتال نے تصدیق کی کہ حملے میں جاں بحق ہونے والوں میں دو بچے بھی شامل ہیں۔ متاثرہ خاندان کے رشتہ دار نائل الصفدی نے کہا کہ حملے کے وقت خاندان کے افراد سو رہے تھے اور ان کا کسی عسکری گروہ سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ عینی شاہدین کے مطابق میزائل حملے سے عمارت کا ایک بڑا حصہ تباہ ہوگیا، جبکہ گھریلو سامان، کپڑے اور دیگر اشیا ملبے تلے دب گئیں۔ حملے میں زندہ بچ جانے والے محمد الصفدی نے کہا کہ وہ ایک عام شہری ہیں اور ان کا کسی مسلح سرگرمی سے کوئی تعلق نہیں۔ دوسری جانب غزہ سٹی کے شمالی علاقے میں ایک الگ اسرائیلی ڈرون حملے میں بھی ایک فلسطینی جاں بحق ہوا۔ بعد ازاں وسطی غزہ کے البریج پناہ گزین کیمپ میں ایک گھر پر حملے کے نتیجے میں مزید تین افراد جان سے گئے۔ فلسطینی سول ڈیفنس حکام کے مطابق مختلف علاقوں میں ہونے والے دیگر حملوں میں مجموعی طور پر 11 افراد جاں بحق ہوئے۔ جاں بحق ہونے والوں میں مقامی فلسطینی صحافی احمد وشاح بھی شامل ہیں

# میلونی نے مجھ سے تصویر کھنچوانے کی منت سماجت کی، صدر ٹرمپ

## اپنی مقبولیت کی فکر کریں، میلونی کا ٹرمپ کو کرارا جواب، سفارتی تنازع بڑھ گیا

واشنگٹن/روم (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اٹلی کی وزیراعظم جورجیا میلونی کے درمیان سفارتی تنازع مزید شدت اختیار کر گیا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کے خلاف سخت بیانات دیے ہیں، جس کے بعد امریکا اور اٹلی کے تعلقات میں کشیدگی کی نئی لہر پیدا ہوگئی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق تنازع اس وقت شروع ہوا جب صدر ٹرمپ نے ایک انٹرویو میں دعویٰ کیا کہ حالیہ جی 7 سربراہی اجلاس کے دوران جورجیا میلونی نے ان کے ساتھ تصویر بنوانے کے لیے بار بار درخواست کی تھی اور انہوں نے صرف ہمدردی کے باعث اس کی اجازت دی۔ ٹرمپ کے اس بیان پر اطالوی وزیراعظم نے سخت ردعمل دیتے ہوئے اسے من گھڑت اور بے بنیاد قرار دیا۔ میلونی نے کہا کہ ایسی باتیں حقیقت کے منافی ہیں اور ان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ بعد ازاں صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر ایک اور بیان جاری کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ میلونی نے متعدد مرتبہ تصویر کے لیے درخواست کی تھی۔ انہوں نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ اٹلی نے ایران کے خلاف امریکی کارروائی کی حمایت نہیں کی اور اب امریکا کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ایران کے خلاف امریکی کامیابی کے بعد میلونی دوبارہ دوستی قائم کرنا چاہتی ہیں تاکہ اندرونِ ملک اپنی سیاسی مقبولیت میں اضافہ کر سکیں۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ اٹلی نے ایران تنازع کے دوران امریکی فوج کو بعض فوجی سہولیات استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی۔ دوسری جانب جورجیا میلونی نے انسٹاگرام پر جاری اپنے سخت بیان میں کہا کہ ٹرمپ کی مسلسل اور بلا اشتعال تنقید بے معنی اور غیر ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی مقبولیت کا انحصار امریکی صدر کے ساتھ تعلقات پر نہیں ہے۔ میلونی نے طنزیہ انداز میں کہا کہ میری مقبولیت آپ کا مسئلہ نہیں، بہتر ہوگا کہ آپ اپنی مقبولیت پر توجہ دیں۔ اطالوی وزیر خارجہ انتونیو تاجانی نے بھی ٹرمپ کے بیانات کو اٹلی کے لیے توہین آمیز قرار دیتے ہوئے امریکا کا اپنا مجوزہ دورہ منسوخ کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کے الفاظ نہ صرف وزیراعظم بلکہ پورے اٹلی کی توہین ہیں۔

## طالبان رجیم کا جبر، افغانستان سے صحافیوں کی جلاوطنی تشویشناک حد تک بڑھ گئی

**صرف 2022 میں 183 جبکہ 2025 میں 82 صحافی افغانستان چھوڑ گئے، آر ایس ایف**

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان کے اقتدار سنبھالنے کے بعد آزادیِ صحافت کو شدید چیلنجز کا سامنا ہے اور صحافیوں کی جلاوطنی میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ رپورٹرز ود آؤٹ بارڈرز کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 2021 میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد سے اب تک 677 افغان صحافی 28 مختلف ممالک میں پناہ لینے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ تنظیم کے مطابق طالبان حکومت کے دباؤ، پابندیوں اور ممکنہ خطرات کے باعث صرف 2022 میں 183 جبکہ 2025 میں 82 صحافی افغانستان چھوڑ گئے۔ آر ایس ایف کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں افغان صحافیوں کے پاس صحافت ترک کرنے، جلاوطنی اختیار کرنے یا قید و بند کا سامنا کرنے کے سوا محدود راستے باقی رہ گئے جبکہ اس وقت بھی کم از کم پانچ صحافی طالبان کی حراست میں ہیں۔ رپورٹرز ود آؤٹ بارڈرز کی جنوبی ایشیا ڈیسک کی سربراہ سیلیا مرسیئر کے مطابق افغانستان کا میڈیا منظم جبر، سخت پابندیوں اور حکام کے بڑھتے ہوئے کنٹرول کا شکار ہے۔ مبصرین کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں افغان صحافیوں کو سچ اور حقائق بیان کرنے کی قیمت خاموشی، قید یا جلاوطنی کی صورت میں ادا کرنا پڑ رہی ہے۔ صرف 2022 میں 183 جبکہ 2025 میں 82 صحافی افغانستان چھوڑ گئے، آر ایس ایف

پیٹر مارٹزبرگ زولو مردوں نے نچلی سطح کی شہری تحریک مارچ اور مارچ کے زیر اہتمام غیر قانونی امیگریشن کے خلاف ریلی نکال رہے ہیں

## امریکا ایران ڈیل پر اسرائیلی میڈیا ٹرمپ سے سخت ناراض، نام کے آگے ''حسین'' لگا دیا

تہران (این این آئی) ایران امریکا ڈیل پر اسرائیل کی صرف حکومت نہیں بلکہ اس کا میڈیا بھی ڈونلڈ ٹرمپ سے سخت ناراض نظر آ رہا ہے۔ ایک اسرائیلی میڈیا کے پریزنٹر نے اپنے تبصرے میں امریکی صدر کے نام کے ساتھ حسین لگاتے ہوئے کہا کہ یہ ڈونلڈ ٹرمپ نہیں ہیں بلکہ ڈونلڈ حسین ٹرمپ ہیں۔ ادھر اقوام متحدہ میں اسرائیل کو بلیک لسٹ کیے جانے پر اسرائیلی سفیر ہتھے سے اکھڑ گئے۔ اقوام متحدہ کے اجلاس میں مسلح تنازعات اور بچوں سے متعلق اقوام متحدہ کی خصوصی مندوب سے پڑے۔ دوسری جانب امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی معاہدے کو لبنان میں جاری اسرائیلی حملوں کے باعث شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں جس کے نتیجے میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو لگام ڈالنے کا مطالبہ زور پکڑنے لگا ہے۔

غزہ شہر کے مغرب میں الشطی پناہ گزین کیمپ میں بے گھر فلسطینی خاندانوں کے مکانات اور کاروبار کے ملبے کے درمیان خیمے لگائے گئے ہیں

# SPORTS سپورٹس

95:DURBUY ویں Baloise Belgium Tour 2026 کے دوران مقابلہ کرنے والے پیلوٹن کا ایک عمومی منظر

## پہلی بار ورلڈ کپ کھیلنے والی کوراساؤ کی جانب سے ایکواڈور کے 15 سے زائد حملے ناکام، میچ ڈرا

نیویارک (این این آئی) فیفا فٹبال ورلڈ کپ میں ایکواڈور اور کوراساؤ کے درمیان میچ ڈرا ہوگیا۔ گروپ ای کے اس میچ میں کوراساؤ کے گول کیپر نے شاندار کھیل پیش کیا اور ایکواڈور کے 15 سے زائد حملے ناکام بنائے۔ پہلی بار ورلڈ کپ کھیلنے والی کوراساؤ نے ایونٹ میں پہلا پوائنٹ حاصل کر لیا اور ورلڈ کپ میں ایک میچ میں سب سے زیادہ حملے روکنے کا ریکارڈ برابر کر دیا۔ اب ناک آؤٹ مرحلے میں پہنچنے کے لیے دونوں ٹیموں کو اپنے آخری میچز جیتنا ہوں گے۔ ایکواڈو کی ٹیم اپنا آخری گروپ میچ جرمنی سے کھیلے گی جب کہ کوراساؤ کی ٹیم آئیوری کوسٹ کا سامنا کرے گی۔ ناک آؤٹ مرحلے میں پہنچنے کے لیے دونوں ٹیموں کو اپنے آخری میچز جیتنا ہوں گے،

گولڈ کوسٹ: ہیپل فرسٹ اسٹیڈیم میں گولڈ کوسٹ سنز اور ہتھورن ہاکس کے درمیان راؤنڈ 15 اے ایف ایل میچ کے دوران کا منظر

## فٹبال کی دیوانگی، مداح نے بھیڑ کو ارجنٹائن کی جرسی کے رنگ میں رنگ دیا، ویڈیو وائرل

**مداح نے اپنی پالتو بھیڑ کو ارجنٹائن کی قومی ٹیم کی کٹ نیلے اور سفید رنگوں میں رنگ کر سڑک پر گھمانا شروع کر دیا**

میکسیکو (این این آئی) امریکا، کینیڈا اور میکسیکو میں جاری فیفا ورلڈ کپ 2026 کے سنسنی خیز مقابلوں کے درمیان بنگلا دیش سے فٹبال کی دیوانگی کی ایک انتہائی عجیب اور مضحکہ خیز ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے۔ ایک فٹبال مداح نے اپنی پالتو بھیڑ کو ارجنٹائن کی قومی ٹیم کی کٹ (نیلے اور سفید) رنگوں میں رنگ کر سڑک پر گھمانا شروع کر دیا۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی اس ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک شخص سڑک کنارے سکون سے پیدل چل رہا ہے اور اس کے ہاتھ میں ایک رسی ہے جس سے ارجنٹائن کے رنگوں میں رنگی ہوئی بھیڑ بندھی ہے، بھیڑ کی اون کو اتنی صفائی سے نیلے اور سفید حصوں میں رنگا گیا کہ وہ دور سے دیکھنے میں اسٹار فٹ بالر لیونل میسی کی جرسی معلوم ہوتی ہے۔ ویڈیو کے کیپشن میں لکھا گیا ''واموس ارجنٹائن'' (ارجنٹائن آگے بڑھو)۔ فٹ بال شائقین نے اس انوکھے کرتب پر ملے جلے ردِعمل کا اظہار کیا اور کہا کہ میسی کا جادو اب انسانوں سے نکل کر جانوروں پر بھی چل گیا ہے اور یہ بھیڑ بھی میسی کی فین لگ رہی ہے۔ دوسری طرف جانوروں کے حقوق کے علمبرداروں اور صارفین نے اس پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیفکٹ نظر آنے کے باوجود جانوروں پر کیمیکل والے رنگ لگانا ان کی جلد اور صحت کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے۔

## پاکستان کے مایہ ناز ویٹ لفٹر اور پاور لفٹر نوح دستگیر بٹ نے ڈبل گولڈ میڈلز اپنے نام کر لیے

**پہلا گولڈ میڈل ازبکستان کے شہر خیوا میں اور دوسرا اعزاز تاشقند میں حاصل کر کے پاکستان کا نام روشن کیا**

لاہور (این این آئی) پاکستان کے مایہ ناز ویٹ لفٹر اور پاور لفٹر نوح دستگیر بٹ نے ازبکستان میں ہونے والے انٹرنیشنل ورلڈ اسٹرونگ مین مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈبل گولڈ میڈلز اپنے نام کر لیے۔ انہوں نے اپنی اس تاریخی کامیابی کو والدین کے نام کرتے ہوئے کہا کہ ان کے کھیل کے سفر میں والدین کی بھرپور حمایت اور قربانیاں شامل ہیں۔ کامن ویلتھ گیمز کے چیمپئن نوح دستگیر بٹ نے بین الاقوامی سطح پر ایک بار پھر پاکستان کا پرچم بلند کیا۔ انہوں نے پہلا گولڈ میڈل ازبکستان کے شہر خیوا میں اور دوسرا اعزاز تاشقند میں حاصل کیا جس سے دنیا بھر میں ان کی ساکھ مزید مستحکم ہوئی ہے۔ اپنی شاندار فتح کے بعد گفتگو کرتے ہوئے نوح بٹ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے والدین میری طاقت اور کامیابی کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے مشکل ترین حالات میں بھی میرا حوصلہ ٹوٹنے نہیں دیا اور ہمیشہ مجھے بہترین کارکردگی کے لیے متحرک کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں ان کی قربانیوں اور مجھ پر غیر متزلزل اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ نوح دستگیر بٹ نے اپنے سرپرست اور اسپانسر ایکیٹوٹ کے سی ای او اور نیشنل ہسپتال کے ڈائریکٹر رضوان آفتاب احمد کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ رضوان آفتاب کی رہنمائی اور مالی و اخلاقی تعاون نے انہیں ایک پیشہ ور کھلاڑی بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا، جس کی بدولت وہ پورے اعتماد کے ساتھ اپنے اہداف حاصل کر رہے ہیں۔ کامن ویلتھ چیمپئن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کی حالیہ کامیابیوں نے ملک کا نام روشن کرنے کے ان کے ارادے کو مزید مضبوط کر دیا ہے اور اب ان کا اگلا ہدف لاس اینجلس اولمپکس میں پاکستان کے لیے گولڈ میڈل جیتنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پاکستان کے لیے مزید عالمی اعزازات جیتنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میرا سب سے بڑا خواب اولمپک پوڈیم پر کھڑے ہو کر ملک کے لیے گولڈ میڈلز جیتنا ہے، بالکل اسی طرح جیسے ارشد ندیم نے اولمپکس میں انفرادی گولڈ میڈل جیت کر تاریخ رقم کی تھی۔

### کئی اسٹار کرکٹرز کے کنٹریکٹ ہولڈ پر رہنے کا امکان

لاہور (این این آئی) ڈومیسٹک فرسٹ کلاس میچز میں عدم شرکت پر کئی اسٹار کرکٹرز کے سینٹرل کنٹریکٹ ہولڈ پر رہنے کا امکان ہے اس حوالے سے پی سی بی کے ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے کہا کہ سابقہ کنٹریکٹس میں بھی پلیئرز کے لیے فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلنا ضروری تھا لیکن ایسا نہیں ہوا، سسٹم سب سے زیادہ اہم ہے، سب کو اسے اہمیت دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جب تک کوئی کھلاڑی ڈومیسٹک کرکٹ میچز کھیلنے کی شرط پوری نہ کرے یا میڈیکل کلیئرنس نہ لے اس کا معاہدہ ہولڈ پر رہے گا

## فیفا ورلڈ کپ 2026 میں نئی تاریخ رقم، 68 سال پرانا ریکارڈ ٹوٹ گیا

**صرف 33 ویں میچ میں 100 گول کا سنگِ میل عبور، گزشتہ 68 سال میں سب سے تیز رفتار ریکارڈ ہے، رپورٹ**

واشنگٹن (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 میں گولوں کی بارش نے فٹبال کی تاریخ بدل دی ہے، ٹورنامنٹ نے صرف 33 ویں میچ میں 100 گول کا سنگِ میل عبور کر لیا جو گزشتہ 68 سال میں سب سے تیز رفتار ریکارڈ ہے۔ یہ تاریخی لمحہ اس وقت سامنے آیا جب نیدرلینڈز کے اسٹار اسٹرائیکر کوڈی گیپکو نے سویڈن کے خلاف 5-1 کی شاندار فتح میں تیسرا گول اسکور کر کے سنچری مکمل کی۔ اعداد و شمار کے مطابق 2026 کے اس ٹورنامنٹ میں گول اسکورنگ کی اوسط 3.09 فی میچ تک پہنچ گئی ہے، ماہرین کے مطابق یہ ایڈیشن 300 سے زائد گولز تک بھی جا سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ پہلا موقع ہے کہ 1958 کے بعد اتنے کم میچز میں 100 گول مکمل ہوئے ہیں۔ اس سے بھی تیز رفتار ریکارڈ صرف 1954 کے ورلڈ کپ میں بنا تھا جب صرف 20 میچز میں یہ ہدف حاصل ہوا تھا۔ ماہرین اس تیز رفتار گول اسکورنگ کی کئی وجوہات بتا رہے ہیں، جن میں جدید اور زیادہ اٹیکنگ فٹبال اسٹریٹجی، ہائی پریسنگ سسٹمز، ڈیفنس لائنز میں بڑھتے ہوئے خلا، اور نئی ٹیکنالوجی والی تیز رفتار بالز شامل ہیں۔ اس کے علاوہ میچز میں اضافی وقت اور کھلاڑیوں کی اسٹریٹجک تبدیلیاں بھی گولوں کی تعداد بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔

چیبا: جاپان کی امیو اوزیکی نے سوڈیگورا کنٹری کلب شنسو ڈ کورس میں نچیری لیڈیز کے دوسرے راؤنڈ کے دوران 1st ہول پر اپنا دوسرا شاٹ مار رہے ہیں

## فیفا ورلڈ کپ 2026ء، جرمنی نے ناک آؤٹ مرحلے کیلئے کوالیفائی کر لیا

ٹورنٹو (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026ء کے ایک سنسنی خیز مقابلے میں جرمنی نے آئیوری کوسٹ کو 1-2 سے شکست دے کر ناک آؤٹ مرحلے کیلئے بھی کوالیفائی کر لیا۔ ٹورنٹو میں کھیلے گئے میچ میں جرمنی کی جانب سے ڈینیز نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دونوں گول سکور کیے، میچ کے اختتامی لمحات تک مقابلہ ایک، ایک گول سے برابر تھا تاہم انجری ٹائم میں ڈینیز نے فیصلہ کن گول کر کے جرمن ٹیم کو یادگار فتح دلائی۔ آئیوری کوسٹ کی جانب سے واحد گول فرینک کیسی نے سکور کیا جس کی بدولت ان کی ٹیم نے سخت مقابلہ کیا تاہم وہ جرمنی کی جارحانہ حکمت عملی کے سامنے کامیابی حاصل نہ کر سکی۔ اس فتح کے ساتھ جرمنی نے گروپ مرحلے میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کر لی ہے۔

ہوو: کاؤنٹی گراؤنڈ میں سسیکس اور ہیمپشائر کے درمیان روتھیسے کاؤنٹی چیمپئن شپ ڈویژن 1 کے میچ کے دوران ہیمپشائر کے ٹام پرسٹ کو آؤٹ کرنے کے بعد سسیکس کے جیمز کولٹر ٹیم کے ساتھیوں کے ساتھ جشن منا رہے ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

# صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

## جھنگ میں ایک پروقار اور خوبصورت محفل مسالمہ کا انعقاد

**محفل میں ملک پاکستان کے نامور شعراء کرام ادبا نے شرکت کی اور حضرت امام حسین علیہ السلام اور شہداء کربلا کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا**

جھنگ (بیورو رپورٹ) نواسہ رسول گوشہ بتول، پسر حیدر کرار حضرت امام حسین علیہ السلام کی یاد میں عقیدت کے پھول نچھاور کرنے اور فکر حسینی کو اجاگر کرنے کے لیے چج ادبی پروار جھنگ، نائب قلم قبیلہ جھنگ پنجاب پاکستان کی خصوصی کاوش سے چک نمبر 175 کوہڑی دی جھوک جھوکاں بلوچاں تحصیل وضلع جھنگ میں ایک پروقار اور خوبصورت محفل مسالمہ کا انعقاد کیا گیا محفل میں ملک پاکستان کے نامور شعراء کرام ادبا نے شرکت کی اور حضرت امام حسین علیہ السلام اور شہداء کربلا کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا بانی محفل پنجابی شاعر یاسر عمران عاطف بلوچ تھے مہمان خصوصی عبداللطیف شیدائی اور اعزازی مہمان مہر ظفر عباس ثمر بھروانہ، پروفیسر بشارت حسین وقار، عارف خان بلوچ اور مہر فراست علی ضامن پاتو آنہ تھے شعراء کرام میں حاجی محمد افضل ناز، عبدالرحمن ساجد، امداد اللہ تقویم، خیرات علی خیرات، محمد رمضان باسط، نعت گو شاعر حکیم محمد عمران عاجز نول، عبدالقادر شہزاد اعوان، علی یاسین خان بلوچ سب انسپکٹر ٹریفک پولیس جھنگ، محمد رفیق ابر اور مظہر علی تائب نے اپنا کلام سنا کر سامعین و ناظرین کے قلوب و اذہان کو منور و معطر کیا معزز مہمانوں میں مفتی محمد یعقوب تبسم، ڈاکٹر ثناء اللہ پاتو آنہ، مہر عاصم مکھیانہ، فضل عمر سعید آفیسر پنجاب پولیس، قدیر خان بلوچ، وریام خان بلوچ، فیض اقبال بلوچ، حافظ غلام یاسین قادری، حافظ سرفراز خان بلوچ اور حسنین خان بلوچ نے شمولیت کی آخر میں شہدائے کربلا کی بارگاہ میں ملک پاکستان کی سلامتی اور امت مسلمہ کے لیے خصوصی دعا کی گئی میزبان محفل ناصر عمران بلوچ، خالد عمران بلوچ، حاجی احمد خان بلوچ، ندیم اقبال بلوچ اور یس خان بلوچ اور علی مپال خان بلوچ نے حسینی لنگر تقسیم کیا

## حقوق العباد کیلئے انسانی ہمدردی کا جذبہ ہر انسان میں ہونا چاہئے: سرفراز احمد تارڑ

**اللہ کریم کی رضا کیلئے بندوں سے پیار کرنا اور ان کے دکھ درد بانٹنا ہی افضل ترین عمل ہے**

وزیر آباد (نامہ نگار) سنی اتحاد کونسل کے ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ نے کہا ہے کہ حقوق العباد کیلئے انسانی ہمدردی کا جذبہ ہر انسان میں ہونا چاہیے، دکھی انسانیت کی خدمت اور بیمار کی عیادت کرنا خوشنودی خدا کا ذریعہ اور سنت رسول ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدر پریس کلب وزیر آباد افتخار احمد بٹ کی عیادت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، سیف اللہ بٹ، زاہد محمود ہاشمی اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے منیئر صحافی افتخار احمد بٹ کی صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے انکی خدمت انسانیت پر خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ افتخار احمد بٹ کا نام صحافت کے افق پر جگمگاتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کریم کی رضا کیلئے بندوں سے پیار کرنا اور ان کے دکھ درد بانٹنا ہی افضل ترین عمل ہے، خیر خواہی کا جذبہ اپنائے بغیر سکون اور خوشی ممکن نہیں۔

## حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی سیرت امتِ مسلمہ کے لیے مشعلِ راہ ہے: عدنان محمود گجر

وزیر آباد (نامہ نگار) ڈائریکٹر اے ایف این آرٹن ہوم کیئر و جنرل سیکرٹری ادارہ ترک منشیات انجمن فلاح نوجوانان عدنان محمود گجر نے کہا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے جانثار ساتھیوں نے میدانِ کربلا میں حق، صداقت اور دین اسلام کی سربلندی کے لیے عظیم قربانی پیش کی، ان کی لازوال قربانی رہتی دنیا تک حق و باطل میں فرق اور ظلم کے خلاف ڈٹ جانے کا درس دیتی رہے گی، واقعہ کربلا صبر، استقامت، ایثار اور قربانی کی بے مثال داستان ہے، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے عمل سے امت مسلمہ کو یہ پیغام دیا کہ حق اور انصاف کے لیے ہر قربانی دی جا سکتی ہے، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی سیرت امتِ مسلمہ کے لیے مشعلِ راہ ہے اور ان کی قربانی اتحاد، بھائی چارے، برداشت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہے، محرم الحرام کے ایام میں ہمیں واقعہ کربلا کے پیغام کو عام کرتے ہوئے اپنی زندگیوں میں سچائی، انصاف اور تقویٰ کو اپنانا چاہیے۔ سیرتِ امام حسین رضی اللہ عنہ سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اتحاد، اخوت اور برداشت کو فروغ دیں

## ہسپتال دارالشفاء حجامہ سنٹر اینڈ ہربل کلینک کا شاندار افتتاح

**سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری رضوان اشرف واہلہ، ڈاکٹر محمد آصف بٹ صدر تحصیل عالی پریس کلب رجسٹرڈ، سرمنیر نے کیا**

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) اہلیان مرالیوالہ کے لیے خوشخبری مرالیوالہ کے محلہ ملک پارک باجوہ کالونی میں عرصہ دراز سے ہربل میڈیسن اور حجامہ سنت طریقہ علاج کرنے والے دارالشفاء حجامہ سنٹر اینڈ ہربل کلینک ہربلسٹ محمد جاوید مین بازار مرالی والہ نزد ڈاکٹر محمد آصف بٹ ہسپتال دارالشفاء حجامہ سنٹر اینڈ ہربل کلینک کا شاندار افتتاح سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری رضوان اشرف واہلہ، ڈاکٹر محمد آصف بٹ صدر تحصیل عالی پریس کلب رجسٹرڈ، سرمنیر نے کیا افتتاح کے بعد خصوصی دعا شیخ الحدیث استاد العلماء محمد یوسف صدیقی نے فرمائی دارالشفاء میں ہر مرض کا علاج کیا جائے کسی بھی قسم کا مرض ہو اس کے علاج کے لیے تشریف لائیں

## روٹری کلب آف لاہور کینٹ کے زیر اہتمام شرقپور شریف میں فری میڈیکل کیمپ

**اسسٹنٹ کمشنر شرقپور شریف بلال زبیر نے خصوصی شرکت کی اور روٹری کلب کی فلاحی خدمات کو سراہا**

شرقپور شریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی سے) روٹری کلب آف لاہور کینٹ کے صدر محمد جنید ملک کی زیر صدارت اور سابق ڈسٹرکٹ گورنر مبارک علی شاہد کی نگرانی میں دربار حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوریؒ پر ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس سے بڑی تعداد میں مریض مستفید ہوئے۔ کیمپ کے انتظامی و میزبانی امور صاحبزادہ میاں محمد سفیض احمد صاحب شرقپوری نے بھرپور انداز میں سرانجام دیے۔ کیمپ میں روٹرین ڈاکٹر علی ارشد، روٹرین ڈاکٹر نور الزمان رفیق، ڈاکٹر عمران سیمی، ڈاکٹر عدیل لیاقت بھٹی، ڈاکٹر عامر علی اور دیگر ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا معائنہ کیا اور مفت ادویات فراہم کیں۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر شرقپور شریف بلال زبیر نے خصوصی شرکت کی اور روٹری کلب کی فلاحی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد میں اعزازی شیلڈز اور تعریفی اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔ میڈیا کوریج کے فرائض حاجی خلیل احمد کی قیادت میں ملک جاوید اقبال، عامر مجید نوشاہی، ملک سخن آرائیں، زیشان بلا اور پریس کلب رجسٹرڈ شرقپور شریف کی ٹیم نے انجام دیے۔ تقریب کے اختتام پر روٹری کلب آف لاہور کینٹ کی جانب سے معزز مہمانوں، ڈاکٹرز، سماجی شخصیات، صحافیوں اور رضا کاروں کو اعزازی شیلڈز پیش کی گئیں۔ اس موقع پر روٹری کلب آف لاہور کینٹ کے صدر محمد جنید ملک نے اعلان کیا کہ عوامی خدمت کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے شرقپور شریف میں آئندہ بھی باقاعدگی سے فری میڈیکل کیمپ منعقد کیے جائیں گے۔

## 11 جولائی کو پھول نگر میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کا "تحفظ مدارس دینیہ وعوامی حقوق" کے عنوان سے پاور شو ہوگا، پنجاب بھر سے عوام شرکت کریں گے: حافظ نصیر احمد احرار

چونیاں (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام (ف) پنجاب کے جنرل سیکرٹری حافظ نصیر احمد احرار نے کہا ہے کہ 11 جولائی 2026 کو ضلع قصور کے شہر پھول نگر میں جمعیۃ علمائے اسلام پنجاب کے زیر اہتمام "تحفظ مدارس دینیہ وعوامی حقوق" کے عنوان سے ایک بڑا عوامی پاور شو منعقد کیا جائے گا، جس میں پنجاب بھر سے عوام شرکت کریں گے۔ اہل آباد میں گزشتہ روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نصیر احمد احرار نے کہا کہ جلسے کا مقصد موجودہ حکومت کی مہینہ نااہلی، مہنگائی، بدامنی اور عوام کو درپیش مسائل کے خلاف بھرپور آواز بلند کرنا اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی ہدایت پر منعقد ہونے والے اس جلسے میں پنجاب بھر سے کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد شریک ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ پنجاب کی تاریخ کا ایک بڑا عوامی اجتماع ثابت ہوگا کیونکہ عوام موجودہ حکومت اور نظام سے تنگ آ چکے ہیں۔ حافظ نصیر احمد احرار نے کہا کہ عوام ملک میں حقیقی تبدیلی چاہتے ہیں اور ان کی خواہش ہے کہ عوامی رائے اور ووٹ کی طاقت سے ایسی حکومت قائم ہو جو عوامی مسائل حل کرے اور ملک کو بحرانوں سے نکالے۔ اس موقع پر انکے ہمراہ مفتی سفیان معاویہ صاحب مسعود اسن جمال صاحب عبید الرزاق فاروقی صاحب اکرم فاروقی صاحب اور محمد عثمان غنی صاحب و دیگر احباب موجود تھے

## فیصل آباد ڈائز اینڈ کیمیکلز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پول پارٹی اور سپورٹس گالہ کا انتظام کیا گیا

**گروپ لیڈر میاں زاہد ایوب صدر حاجی جاوید اقبال قادری جنرل سیکرٹری محمد الیاس اور دیگر دیگر سینئر عہدیداروں سمیت ممبران کی شرکت**

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) فیصل آباد ڈائز اینڈ کیمیکلز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پول پارٹی اور سپورٹس گالہ کا انتظام کیا گیا جس میں گروپ لیڈر میاں زاہد ایوب صدر حاجی جاوید اقبال قادری ✻ جنرل سیکرٹری محمد الیاس اور دیگر دیگر سینئر عہدیداروں سمیت ممبران کی شرکت۔ آکاش فارم ہاؤس لوئر کینال گٹ والا میں منعقدہ تقریب کے شرکاء کیلئے کئی پروگرام ترتیب دیئے گئے جن میں میڈیا کوریج اور فوٹو سیشن، ماہانہ کٹی کی قرعہ اندازی، لائیو بار بی کیو، میلنگو پارٹی، سوئمنگ پول، دوستانہ کرکٹ میچ اور دیگر تفریحی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے شرکاء نے فیصل آباد ڈائز اینڈ کیمیکلز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پول پارٹی اور سپورٹس گالہ کا انتظام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مصروف ترین زندگی میں چند گھنٹوں کیلئے اس طرح کے تفریحی پروگرامز کا انعقاد ہوتا رہنا چاہئے ایسے پروگرامز میں شرکت کرنیوالے ذہنی طور پر فریش ہو جاتے ہیں اور آپس میں مل بیٹھنے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے گروپ لیڈر میاں زاہد ایوب صدر حاجی جاوید اقبال قادری ✻ جنرل سیکرٹری محمد الیاس و دیگر عہدیداروں کو شاندار انتظامات کرنے خراج تحسین پیش کیا۔

## محکمہ زراعت (توسیع) نے فاطمہ فرٹیلائزر کے اشتراک سے عظیم الشان کسان کنونشن کا انعقاد کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) محکمہ زراعت (توسیع) نے فاطمہ فرٹیلائزر کے اشتراک سے عظیم الشان کسان کنونشن کا انعقاد کیا جس میں دھان اور مکئی کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تقریب میں ڈائریکٹر زراعت (توسیع) چوہدری شہباز اختر، رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) حاجی پیر احسان الحق ادریس، صدر نمبردار ایسوسی ایشن چوہدری نزاکت گل، ترقی پسند کاشتکاروں، مقامی معززین، زرعی ماہرین اور کاشتکار برادری کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) چوہدری شہباز اختر نے اپنے خطاب میں کاشتکار برادری کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت کے اقدامات پر روشنی ڈالی اور کسانوں کو یقین دلایا کہ صوبائی حکومت کسانوں کی معاشی ترقی اور زرعی شعبے کی بہتری کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ دھان اور مکئی کی پیداواری ٹیکنالوجی کے مختلف پہلوؤں پر پرسپل سائنٹسٹ ایم ایم آر آئی ڈاکٹر محمد شعیب اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد اسلم نے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر فصلوں کے اہم پہلوؤں، جن میں موزوں اقسام کا انتخاب، بیماریوں کا تدارک، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے مطابقت اور دھان کی منوسہ پیسٹ سائڈ کے بارے میں آگاہی شامل تھی، پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس کسان کنونشن کا مقصد ساہیوال ڈویژن میں دھان اور مکئی کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ، جدید زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ اور کسانوں کی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کو اجاگر کرنا تھا۔ تقریب کے اختتام پر کسانوں میں زرعی معلوماتی لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا۔

### سیکرٹری تعلیمی بورڈ غلام حسین بھٹی نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کا تفصیلی دورہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) سیکرٹری تعلیمی بورڈ غلام حسین بھٹی نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کا تفصیلی دورہ کیا اور طلبہ کی سہولیات سمیت مختلف برانچوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے انٹر اور میٹرک کا پرانا اور غیر ضروری ریکارڈ ڈسکارڈ کرنے کے احکامات جاری کئے۔ انہوں نے برانچوں کی خوبصورتی اور صفائی ستھرائی کے لیے ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام پینڈنگ ڈگریز اور سرٹیفکیٹس ایک ماہ کے اندر اندر جاری کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مون سون سیزن سے قبل بورڈ کی عمارت کی تمام چھتوں کی مرمت کا کام مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ون ونڈو سیل کا دورہ کیا اور وہاں موجود طلبہ سے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں پوچھا، طلبہ نے بورڈ کی جانب سے ملنے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ سیکرٹری بورڈ غلام حسین بھٹی نے طلبہ کے مثبت فیڈ بیک پر بورڈ کی کارکردگی کو بہترین قرار دیا اور سٹاف کو مزید محنت سے کام کرنے اور طلبہ و طالبات کو درپیش مسائل ترجیحی بنیاد پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔

## پسرور کھیتوں سے تین زہریلے سانپ نکل آئے، ریسکیو 1122 کی بروقت کاروائی

**ریسکیو اہلکاروں نے فوری پہنچ کر زہریلے سانپوں کو پکڑ کر جانی نقصان سے بچا لیا**

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پسرور کے نواحی کھیتوں کو پانی لگانے کے لئے رات میں کسان ڈیزہ پر پیٹر انجن چلانے لگا تو انجن چلاتے ہوئے ساتھ ہی موجود سوراخ سے تین زہریلے سانپ نکل آئے۔ کسان محمد حامد ولد محمد بوٹا سکنہ چیلے والی نے فوراً ریسکیو سروسز 1122 کو اطلاع کی جنہوں نے فوری طور پر پہنچ کر 7 فٹ لمبے زہریلے سانپوں کو پکڑ لیا۔ لمبے سانپوں کو دیکھ کر شہریوں میں خوف و حراس پھیل گیا تاہم ریسکیو 1122 اہلکاروں کا کہنا ہے کہ بارشوں و دھان کے سیزن میں کھیتوں کھلیانوں میں پانی کو نے کھدروں سوراخوں میں جانے سے سانپ وحشرات الارض باہر نکل آتے ہیں تاہم محتاط رہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کی بروقت اطلاع ریسکیو سروسز کو کریں انشاء اللہ ہماری مستعد و باصلاحیت ٹیمیں فوری ریسپانڈ کرتی ہیں۔ ریسکیورز کے مطابق سانپ سات فٹ سے بڑے سائز کے بہت زہریلے اور خطرناک تھے۔

## حافظ آباد میں آج ساتویں محرم الحرام کے سلسلہ میں ضلع بھر میں 17 جلوس نکالے جائینگے

**ڈپٹی کمشنر نے امام بارگاہ کی انتظامیہ سے بھی ملاقات کی**

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں آج ساتویں محرم الحرام کے سلسلہ میں ضلع بھر میں 17 جلوس نکالے جائینگے اور 67 مجالس منعقد ہونگی، ساتویں محرم کے دو جلوسوں کو حساس قرار دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مرکزی امام بارگاہ فورہ چوک مجلس، جلوس اور شرکاء کے لیے قائم سبیل کیمپوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے امام بارگاہ کی انتظامیہ سے بھی ملاقات کی۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کی سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں، جلوسوں اور مجالس کے شرکاء کے لیے ٹھنڈے مشروبات کے کیمپ لگائے گئے ہیں اس طرح محکمہ صحت کی جانب سے تمام جلوسوں کے ساتھ کلینک آن وہیل کی خصوصی ٹیمیں تعینات ہیں جن میں ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف شامل ہے، ریسکیو 1122 ستھرا، پنجاب، میونسپل کمیٹی، واسا کی جانب سے بھی اہم مقامات پر کیمپ لگائے گئے ہیں جلوسوں اور مجالس کی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے اور اس سلسلہ میں ڈی سی آفس میں خصوصی کنٹرول روم چوبیس گھنٹے کام کر رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومتی ادارے جلوسوں اور مجالس کی سیکورٹی اور دیگر انتظامات کو ہر لحاظ سے بہتر بنا رہے ہیں تاہم جلوسوں، امام بارگاہوں کے منتظمین، مقامی علمائے کرام، انجمن تاجران، میڈیا کے نمائندوں اور سول سوسائٹی کے ذمہ داران سے اپیل ہے کہ امن وامان، رواداری، صبر وتحمل، برداشت، بھائی چارہ کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے اپنا کلیدی کردار ادا کریں اور خاص طور پر مشتبہ افراد اور شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے تاکہ کوئی بھی شرپسند امن و امان کی فضا کو خراب کرنے کی کوشش نہ کر سکے۔ علاوہ ازیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل وایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی، ایم ڈی ستھرا، پنجاب ایجنسی خرم حمید اسسٹنٹ کمشنرز، جس خاتون جعفری، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں محسن اقبال ڈھلوں نے بھی جلوسوں اور مجالس کے مقامات، امام بارگاہوں اور روٹس کا دورہ کرتے ہوئے سبیل کیمپوں کے دورے کیے اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

## سعدیہ جمال صاحبہ اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں کے طور پر اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہیں

**اکثر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ ورکاں کا خود دورہ کر کے وہاں مریضوں کو ملنے والی ادویات، طبی سہولیات کا معائنہ کرتی ہیں**

نوشہرہ ورکاں (محمد انیس صاحبزادہ) سعدیہ جمال صاحبہ اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں کے طور پر اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ سعدیہ جمال ایک متحرک بیوروکریٹ کے طور پر جانی جاتی ہیں جو صرف دفتری کام تک محدود نہیں رہیں بلکہ فیلڈ میں نکل کر خود انتظامات کا جائزہ لیتی ہیں۔ اکثر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ ورکاں کے خود دورہ کر کے وہاں مریضوں کو ملنے والی ادویات، طبی سہولیات کا معائنہ کرتی ہیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے اور ساتھ ہی ہسپتال میں سرکاری فنڈ سے نہیں بلکہ مخیر حضرات کے تعاون سے تزئین و آرائش کے کام مخیر حضرات کے ہاتھوں سے ہی کروا رہی ہیں مخیر حضرات کو صرف کام کا بتایا جاتا ہے اور وہ اپنی بساط کے مطابق کام کرنے کا بتا کر وہ کام خود ہی کروا دیتے ہیں۔ ماڈل بازار کی تزئین و آرائش میں بھی ان کا کلیدی کردار شامل ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالا کی ہدایات کے مطابق وہ شہر اور نواحی دیہات میں صفائی کے انتظامات کی خود نگرانی کرتی ہیں برسات کے موسم سے پہلے شہر اور دیہی علاقوں کے بڑے نالوں کی صفائی اور پانی کے نکاس کو یقینی بنانا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے تجارتی مراکز اور مین بازار میں بجلی کی لٹکتی ہوئی خستہ حال تاروں کا نوٹس لیتے ہوئے واپڈا حکام کو فوری تاریں درست کرنے کی ہدایات جاری کیں تاکہ کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچا جا سکے۔ اس منصوبہ پر کام جاری ہے۔ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے ٹیکسوں کے ٹارگٹ کے حصول کے لئے ریونیو فیلڈ سٹاف کے ساتھ خود بھی فیلڈ میں موجود پائی جاتی ہیں۔ انکی فیلڈ میں موجودگی کی وجہ سے محکمہ مال کا ٹارگٹ احسن طریقہ سے مکمل ہو رہا ہے۔ محرم الحرام کے دوران انہوں نے سیکیورٹی اور روٹس کا جائزہ لینے کے لیے پولیس حکام (D S P) کے ہمراہ مختلف مقامات اور امام بارگاہوں کے روٹس کے تفصیلی دورے کیے اور وہاں صفائی ستھرائی، پیچ ورک اور دیگر انتظامی امور کو خود چیک کیا اور وہاں کام کروائے۔ سرکاری فرائض کے دوران ان کا رویہ مخلصانہ اور انتظامی گرفت کا حامل نظر آتا ہے۔ فرائض میں غفلت برتنے والے ملازمین کے خلاف وہ سخت رویہ اپناتی ہیں۔ فیلڈ دوروں کے دوران صفائی کے ناقص انتظامات پر انہوں نے کئی سینیٹری ورکرز۔ سپروائزرز اور ایریا مینیجرز کی سخت سرزنش کی اور کام کو فوری بہتر بنانے کے احکامات دیے۔ ان کے کام کرنے کے انداز سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ حکومتی احکامات اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو زمینی سطح پر لاگو کرنے میں گہری دلچسپی رکھتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں ایسے ہی دلجمعی اور خلوص کے ساتھ کام کرنے کی توفیق دیئے رکھے، حاسدین کے حسد سے بچائے۔ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین ثم آمین

## ضلع بھر کے پٹواریوں کی اکثریت نے ایک سے دو پرائیویٹ منشی پال رکھے ہیں

**روایتی انتقال جیسے انتہائی حساس اور قانونی کام پرائیویٹ منشی سرانجام دے رہے ہیں**

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں پٹوار کلچر کی جڑیں اس قدر دیمک زدہ ہو چکی ہیں کہ ضلع بھر کے پٹواریوں کی اکثریت نے ایک سے دو پرائیویٹ منشی پال رکھے ہیں، جو تمام تر قانونی اور دستاویزی امور چلا رہے ہیں زمینوں کے انتقالات درج کرنے سے لے روایتی انتقال جیسے انتہائی حساس اور قانونی کام پرائیویٹ منشی سرانجام دے رہے ہیں، جس نے سرکاری ریکارڈ کے تحفظ اور عوامی راز داری پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان کھڑا کر دیا ہے۔ قوانین کے مطابق کسی بھی عام یا پرائیویٹ شخص کو سرکاری دفاتر کے اندر بیٹھنے یا حساس فائلوں کو دیکھنے کی ہرگز اجازت نہیں، لیکن جہلم ضلع بھر میں گنگا الٹی بہہ رہی ہے۔ یہاں پٹواریوں کی جگہ پرائیویٹ منشی پورا محکمہ چلا رہے ہیں جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے،

### انتقال پر ملال

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی لیبر ونگ کے سینئر رہنما رانا سمیع اللہ منج کے نوجوان بیٹے رانا مطیع اللہ کے انتقال پر عاشق حسین منج، رانا وزیر علی ایڈووکیٹ، رانا حامد محمود، پروفیسر رانا محمد اشفاق، رانا محمد اکرم، رانا ذوالفقار احمد، رانا احسان الحق، رانا سلیم اختر، چوہدری محمد اسرار، رانا عظمت آف جھامکے، رانا محمد شریف و دیگر نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے جنت الفردوس و درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے، واضح رہے کہ رانا مطیع اللہ گزشتہ روز اچانک حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے تھے

## مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

**گلشن کالونی میں فوذیہ والدہ کے گھر سے واپس آئی تو گھر کے دروازے کھلے ہوئے تھے اور نامعلوم ملزمان نقدی 50 ہزار روپے اور دیگر سامان چوری کر لیا**

**محمد سرور کا بیٹا 22 سالہ عاصم گھوبیکی فیکٹری گیا مگر فیکٹری نہ پہنچا شبہ ہے کہ نامعلوم نے اغوا کر لیا**

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے۔ گلشن کالونی میں فوذیہ والدہ کے گھر سے واپس آئی تو گھر کے دروازے کھلے ہوئے تھے اور نامعلوم ملزمان نقدی 50 ہزار روپے اور دیگر سامان چوری کر لیا، سوہاوہ کے شمعون پطرس کی عدم موجودگی میں گھر کا تالا توڑ کر نامعلوم چور گھر سے پانی والی موٹر موبائل، سکریپ کا سامان اور نقدی چوری کر لی، کالج روڈ میں ثاقب سعید کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری جبکہ سکھ نہر احسان اللہ کے ڈیرہ سے 7 ہارس پاور کی موٹر چوری ہوگئی اور فیکٹری گیا نوجوان اغوا، مقدمہ درج۔ محمد سرور کا بیٹا 22 سالہ عاصم گھوبیکی فیکٹری گیا مگر فیکٹری نہ پہنچا شبہ ہے کہ نامعلوم نے اغوا کر لیا ہے موترہ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

## جرم وسزا

CRIME & COURT

## بجٹ میں تنخواہوں میں 10 فیصد اور پنشن میں 7 فیصد اضافہ ناکافی ہے

**سرکاری ملازمین بڑھتی ہوئی مہنگائی، یوٹیلیٹی بلوں اور روزمرہ اخراجات کے باعث شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں**

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین متحدہ محاذ اساتذہ ضلع حافظ آباد ریاض احمد تارڑ نے پنجاب اسمبلی میں سرکاری ملازمین کے حقوق کے لیے مؤثر آواز اٹھانے پر رکن پنجاب اسمبلی چوہدری امجد علی جاوید کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے لیو انکیشمنٹ کی بندش، پنشن و گریجویٹی میں کٹوتیوں اور پنجاب کے سرکاری ملازمین کو درپیش معاشی مشکلات کی بھرپور انداز میں نشاندہی کر کے لاکھوں ملازمین کے جذبات کی ترجمانی کی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ موجودہ مہنگائی کے تناسب سے پنجاب حکومت کی جانب سے سالانہ بجٹ میں تنخواہوں میں 10 فیصد اور پنشن میں 7 فیصد اضافہ ناکافی ہے۔ سرکاری ملازمین بڑھتی ہوئی مہنگائی، یوٹیلیٹی بلوں اور روزمرہ اخراجات کے باعث شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں، لہٰذا حکومت پنجاب وفاقی حکومت کی طرز پر صوبائی ملازمین کو بھی مناسب مراعات اور ریلیف فراہم کرے۔ ریاض احمد تارڑ نے امید ظاہر کی کہ حکومت پنجاب ملازمین کے جائز مطالبات، سروس مراعات اور حقوق کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔ انہوں نے ضلع حافظ آباد کے ارکانِ پنجاب اسمبلی میاں شاہد حسین بھٹی اور میاں عون بھٹی سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ اپنے حلقوں کے سرکاری ملازمین کے مسائل اور مطالبات کو پنجاب اسمبلی اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف تک مؤثر انداز میں پہنچانے اور ان کے حل کے لیے اپنا فعال کردار ادا کریں۔

## صفائی ستھرائی کی مد میں بھجوائے جانے والے ووچرز ڈرون سے کم نہیں

**حکومت اور انتظامیہ تاجروں کے مسائل کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے فوری اور مثبت اقدامات کرے گی**

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے ضلعی صدر شیخ محمد امجد نے واسا اور "ستھرا پنجاب" پروگرام کے تحت دکانداروں پر عائد کی جانے والی فیسوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے شٹر، واش رومز اور صفائی ستھرائی کی مد میں بھجوائے جانے والے ووچرز تاجروں پر کسی "ڈرون حملے" سے کم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک شٹر کے عوض ماہانہ 3000 روپے فیس کا نفاذ اور اس کے ساتھ تین، تین ماہ کی فیسیں ایک ہی وقت میں وصول کرنے کا فیصلہ تاجر برادری کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ میڈیا کے ساتھ ہونے والی خصوصی گفتگو میں شیخ محمد امجد کا کہنا تھا کہ موجودہ معاشی حالات، مہنگائی، بجلی کے بڑھتے ہوئے نرخوں اور کاروباری مندی کے باعث تاجر پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسے میں اضافی مالی بوجھ ڈالنا تاجروں کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ چھوٹے اور متوسط درجے کے دکاندار اس قدر بھاری فیسوں کی ادائیگی کی استطاعت نہیں رکھتے اور متعدد تاجروں کے لیے تین ماہ کی فیس ایک ساتھ جمع کروانا تقریباً ناممکن ہو چکا ہے۔ شیخ محمد امجد نے کہا کہ تاج

"قوت" کلاسیفائیڈ

قوت

اشتہارات نیٹ نیچی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

**نتیجہ** | نتیجہ بیانات | 1

جلاس کا اہتمام سوشزلیبر نیشن کمیشن اسلام آباد میں ہوا، جس میں ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنے والے دو ممالک قطر اور پاکستان کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اعلامیہ کے مطابق سربراہی اجلاس ایک خیلد اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوا، جبکہ عہد عینگی مذاکرات کے مثبت نتائج برآمد ہوئے۔ اعلامیہ کے مطابق مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر فریقین نے اگلی طاقتوں کی تبدیلی کے قیام پر اتفاق کیا ہے، جو خالی کے عمل کے لیے سیاسی گنجائش فراہم کرے گی۔ پاکستان اور قطر کی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق مذاکرات کے مثبت نتائج کے باقاعدگی سے اس اعلیٰ کی تبدیلی کو پورٹ شپ کریں گے اور جوہری امور، پابندیوں اور مفاہمتی یادداشت کے موضوعات کو پیچیدگی بنانے کے لیے گفتگو اور اقدامات سے حل سے متعلق دو رکنی گروپس کی تیاری کریں گے نیز دیگر امور پر بھی کام کریں گے۔ اعلامیہ کے مطابق اعلیٰ سطحی وفد کی 60 دن کے اندر حتمی مفاہمتی یادداشت کے لیے تیاری کے لیے فریقین کے درمیان آئندہ سوشلائزنگ رابطہ بھی قائم کیا گیا ہے تاکہ آئندہ ہر مرحلے میں تجارتی جہازوں کی آمد و رفت کو یقینی بنایا جائے گا اور افواہات وغلط فہمیوں سے بچا جائے۔ واضح رہے کہ امریکہ، ایران مفاہمتی یادداشت کے ساتھ ہی

# حکومت پنجاب عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے: خواجہ سلمان رفیق

نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے کینسر کلینک کو جلد عوام کیلئے کھول دیا جائے گا، زاہد سعید

تینوں اداروں میں ہزاروں مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی، سیکرٹری صحت عظمت محمود

اہم اجلاس منعقد ہوا، مشیر صحت پنجاب میجر جنرل ریٹائرڈ ڈاکٹر اطہر محمود (بقیہ نمبر 4 3)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سیکنڈلائز ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور پارے جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا اور پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ لاہور، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور پارے شامل ہیں۔ اجلاس میں محکمہ سیکنڈلائز ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے ماتحت اداروں کی کارکردگی، مریضوں کو درپیش مشکلات اور ان کے فوری حل کے لیے اہم فیصلے کیے گئے